Member APNS

کوئٹہ اور کراچی سے بیک وقت شائع ہونے والا روزنامہ

Daily Gwadar Business Quetta

روزنامہ گوادر بزنس کوئٹہ

ABC Certified

ایڈیٹر: ریاض احمد

جلد 22 | منگل 14 جولائی 2026ء | 28 محرم الحرام 1448ھ | قیمت 5 روپے | شمارہ 12

Email.dailygwadarbusiness@gmail.com

ٹرمپ کا ایرانی جہاز کو لیے آبنائے ہرمز کی دوبارہ ناکہ بندی، دیگر ممالک کا گورنر 20 فیصد فیس کا اعلان

ایران کے خلاف مزید حملے شروع کردیئے، امریکی فوج

24 گھنٹوں میں 20 تجارتی جہاز آبنائے ہرمز سے گزر گئے (امریکی حکام) ایران نے میزائلوں اور ڈرونز سے شہریوں کو نشانہ بنا کر جارحانہ پالیسی جاری رکھی، بحرین

ایران آبنائے ہرمز کے انتظامات میں امریکی مداخلت کی اجازت نہیں دے گا، ایرانی فوج کے ساتھ رابطہ کیے بغیر ہرمز میں امریکی انتظامی سرگرمی کی مزاحمت کریں گے، ایرانی کمانڈر

نئی گج ڈیم کی تعمیر مکمل ہونے تک عدالتی مداخلت پر پابندی

ڈیم کی تعمیر سے متعلق تمام تنازعات کا حل فریقین کے درمیان طے شدہ معاہدے کے مطابق کیا جائے، آئینی عدالت

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی آئینی عدالت نے نئی گج ڈیم کی تعمیر سے متعلق کیس کا تفصیلی فیصلہ سناتے ہوئے منصوبے کی تکمیل تک کسی بھی عدالت کو اس معاملے میں (بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر)

واشنگٹن / تہران (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے آبنائے ہرمز کی دوبارہ ناکہ بندی کا اعلان کردیا جس کے مطابق ایرانی جہازوں پر پابندی ہوگی جبکہ دیگر ممالک (بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر)

تہران / واشنگٹن / منامہ (این این آئی) ایران کے شہر بندر عباس، قشم اور (بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر)

فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کا 2 روزہ سرکاری دورے پر ترکیہ پہنچنے پر تپاک استقبال

انقرہ (این این آئی) چیف آف آرمی اسٹاف فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کا 2 روزہ سرکاری دورے پر ترکیہ پہنچنے پر پرتپاک استقبال (بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر)

کابینہ میں توسیع اور تبدیلیوں کی تیاریاں تیز، نئے چہروں کی شمولیت متوقع

بلوچستان اور خیبر پختونخوا سے نئے چہروں کو کابینہ میں شامل کرنے پر بھی غور کیا جارہا ہے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی کابینہ میں توسیع اور قلم دانوں میں تبدیلی کے حوالے سے مشاورت تیز نے بتایا کہ بعض وزرا کو (بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر) کردی گئی ہے۔ نجی ٹی وی کے مطابق حکومتی ذرائع

پاکستان، بلوچستان کا راستہ امن، استحکام اور ترقی کا راستہ کسی بادِ یا دہشت گردی کے ذریعے راستے سے پیچھے نہیں ہٹیں گے میر سرفراز بگٹی

دہشت گردی معصوم عوام کو نشانہ بنانا دشمن کی منظم سازش ہے

وزیراعلیٰ بگٹی

اگر میرے جان سے بلوچستان کا مسئلہ حل ہوسکتا ہے تو وہ اپنی جان دینے کے لیے بھی تیار ہیں، کیونکہ ان کے لیے عہدہ نہیں بلکہ بلوچستان کے عوام کی خدمت سب سے اہم ہے

دہشت گردی اور تشدد کے ذریعے بلوچستان کو پاکستان سے الگ کرنے کا خواب کبھی پورا نہیں ہوسکتا، بلوچستان میں امن، استحکام اور عوام کا تحفظ حکومت کی اولین ترجیح ہے

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ دشمن کی منظم سازش ہے کہ دہشت گردی کے ذریعے معصوم شہریوں کو نشانہ بنایا جائے اور پھر اس کا الزام ریاست پر عائد کرکے بلوچستان میں بداعتمادی اور انتشار کو فروغ دیا جائے، تاہم حکومت اور عوام کی مشترکہ قوت ایسی تمام سازشوں کو ناکام بنائے گی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور بلوچستان کا راستہ امن، استحکام اور ترقی کا راستہ ہے اور ہم کسی بھی دہا یا دہشت گردی کے ذریعے اس راستے سے پیچھے نہیں (بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر)



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، شہید نوابزادہ میر سراج خان رئیسانی کی آٹھویں برسی کے موقع پر منعقدہ تعزیتی ریفرنس سے خطاب کررہے ہیں

شہباز اور نواز شریف کی امیر قطر سے ملاقات، شیخ تمیم بن حمد آل ثانی کے انتقال پر تعزیت کی

وزیراعظم کا مرحوم امیر والد کی قطر کی غیر معمولی ترقی کیساتھ خطے میں امن، استحکام اور ترقی کے فروغ کے لیے گراں قدر خدمات کو زبردست خراجِ عقیدت پیش

وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار، وفاقی وزیر اطلاعات عطاء اللہ تارڑ اور دیگر اعلیٰ حکام بھی وزیراعظم کے ہمراہ تھے

دوحہ (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف اور سابق وزیراعظم نواز شریف ایک روزہ دورہ قطر پر دوحہ پہنچے اور ریاستِ قطر کے امیر والد شیخ حمد بن خلیفہ آل ثانی کے انتقال پر حکومتِ پاکستان اور پاکستانی عوام کی جانب سے ریاستِ قطر کی قیادت اور عوام سے بالمشافہ (بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر)

بلوچستان کا امن تباہ کرنے والے عبرت کا نشان بنیں گے، محسن نقوی

اب تک 114 خوارجی دہشت گردوں کی ہلاکت اس بات کا ثبوت ہے کہ ہماری فورسز انتہائی متحرک، پروفیشنل اور الرٹ ہیں

وطنِ عزیز سے فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں کے مکمل خاتمے تک جنگ جاری رہے گی، پوری قوم سیکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے بلوچستان میں فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں کے خلاف کامیاب آپریشن شعبان پر سیکیورٹی فورسز کو خراج (بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر)

شیخ ڈاکٹر محمد بن عبدالکریم العیسی کی وزیراعظم محمد شہباز شریف سے ملاقات

اسلام آباد (این این آئی) مسلم ورلڈ لیگ (ایم ڈبلیو ایل) کے سیکرٹری جنرل، شیخ ڈاکٹر محمد بن عبدالکریم العیسی نے وزیراعظم ہاؤس میں وزیراعظم محمد شہباز شریف سے ملاقات کی۔ (بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر)

گلگت بلتستان اسمبلی میں تین ماہ کا عبوری بجٹ پیش

وفاق نے گلگت کے لئے 158 ارب 54 کروڑ 24 لاکھ 23 ہزار بجٹ تخمینہ لگایا، بجٹ تقریر

گلگت بلتستان (این این آئی) گلگت بلتستان اسمبلی میں مالی سال 27-2026ء کیلئے تین ماہ کا عبوری بجٹ پیش کردیا گیا۔ رکن اسمبلی محمد علی اختر نے بجٹ پیش کرتے ہوئے بتایا کہ (بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر)

قطر، وزیراعظم شہباز شریف، نواز شریف و دیگر کا اعلیٰ قطری حکام ایئرپورٹ پر استقبال کررہے ہیں

قطر، وزیراعظم شہباز شریف قطر کے امیر شیخ تمیم بن حمد آل ثانی سے ملاقات کررہے ہیں

پاکستان میں سابق امیر قطر شیخ حمد بن خلیفہ الثانی کے انتقال پر یوم سوگ منایا گیا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان میں سابق امیر قطر شیخ حمد بن خلیفہ الثانی کے انتقال پر یوم سوگ منایا گیا۔ نوٹیفکیشن میں یوم سوگ کے موقع پر ملک بھر میں قومی پرچم سرنگوں رہنے کا بتایا گیا۔ وزیراعظم کی جانب سے قطر کے (بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر)

پاکستان کی آبادی 25 کروڑ سے تجاوز کرگئی، یو این ایف پی اے کی رپورٹ جاری

پاکستان کا مستقبل نوجوانوں کے مواقع، فیصلوں اور صلاحیتوں پر منحصر ہے، رپورٹ جاری

اسلام آباد (این این آئی) عالمی یومِ آبادی کے موقع پر اقوام متحدہ کے پاپولیشن فنڈ (یو این ایف پی اے) نے پاکستان سے متعلق اپنی رپورٹ جاری کردی جس کے مطابق (بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی رکن قومی اسمبلی نوابزادہ جمال رئیسانی، صوبائی وزراء بخت محمد کاکڑ، سلیم کھوسہ، عاصم کرد گیلو پی پی پی کے جنرل سیکرٹری ربانی کاکڑو دیگر نوابزادہ میر سراج رئیسانی کی 8 ویں برسی کے موقع پر دعا کررہے ہیں

بلوچستان فورسز کا مشترکہ آپریشن شعبان جاری مزید 8 دہشتگرد ہلاک

سیکیورٹی فورسز کی جانب سے خارجیوں کو ہوائی اور زمینی کارروائیوں میں نشانہ بنایا جارہا ہے، تعداد 117 ہوگئی

سیکیورٹی فورسز کا آخری دہشت گرد کے خاتمے تک بلوچستان میں آپریشن شعبان جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ

راولپنڈی (این این آئی) بلوچستان میں فورسز نے مشترکہ آپریشن شعبان کے دوران مزید 8 خوارجیوں کو جہنم واصل کردیا، 5 روز میں ہلاک دہشت گردوں کی تعداد 117 ہوگئی۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق پاک فوج، ایف سی بلوچستان اور پولیس کے مشترکہ آپریشن شعبان میں فتنہ الخوارج کے خلاف علاقے میں موثر کارروائیاں جاری ہیں، سیکیورٹی فورسز کی جانب سے (بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر)

قطر، وزیراعظم شہباز شریف، نواز شریف و دیگر کا اعلیٰ قطری حکام ایئرپورٹ پر استقبال کررہے ہیں

پاکستان میں ترقی اور معاشی نمو کے مثبت رجحان پیدا ہوچکے ہیں، احسن اقبال

عسکری اور سفارتی میدانوں میں معرکہ جیتنے کے بعد ملک کو خوشحالی کی راہ پر گامزن کرنے کیلئے پرعزم محنت کے ساتھ کام کرنا ہوگا، وفاقی وزیر

ہمیں غیر ملکی سرمایہ کاری کو راغب کرنے اور ملک کو خوشحالی کی راہ پر گامزن کرنے کے لیے پالیسی کے تسلسل کو ترجیح دینی چاہیے

نیویارک (این این آئی) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی و ترقی پروفیسر احسن اقبال نے کہا ہے کہ پاکستان میں ترقی اور معاشی نمو کے مثبت رجحان پیدا ہوچکے ہیں، ہمیں مطمئن نہیں ہونا چاہیے، عسکری اور سفارتی میدانوں میں معرکہ جیتنے کے بعد ملک کو خوشحالی کی راہ پر گامزن کرنے کیلئے پرعزم محنت کے ساتھ کام کرنا ہوگا، ہمیں غیر ملکی سرمایہ کاری کو راغب کرنے اور ملک کو خوشحالی کی راہ پر گامزن کرنے کے لیے پالیسی کے تسلسل (بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر)

وزیراعظم کی ہدایت پر این ڈی ایم اے نے حکومتِ خیبر پختونخوا کے ساتھ مون سون 2026 کی تیاریوں کا جائزہ لیا

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کی ہدایت پر این ڈی ایم اے نے حکومتِ خیبر پختونخوا کے ساتھ مون سون 2026 کی (بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر)

بلوچستان، آزاد کشمیر صورتحال تشویشناک، حکومت حالات کا ادراک کرے، حافظ نعیم الرحمٰن

پٹرولیم لیوی، مہنگی بجلی عوام کے لیے مستقل عذاب بن گئے، احتجاج جاری رہے گا

فلسطین، ایران کے حق میں آواز اٹھاتے رہیں گے، مجلس شوریٰ سے خطاب

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا ہے کہ پٹرولیم لیوی، مہنگی بجلی عوام کے لیے مستقل عذاب بن گئے، آزاد کشمیر، بلوچستان کی صورتحال (بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر)

نواز شریف دورہ قطر سے واپسی پر چھانگلہ گلی پہنچ گئے

مری (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر و سابق وزیراعظم نواز شریف قطر کا ایک روزہ دورہ مکمل کرنے کے بعد (بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر)

پاکستان کی کیپٹل مارکیٹ میں ڈیجیٹل اصلاحات، سرمایہ کاروں کیلئے نئی سہولتیں متعارف

لاہور (این این آئی) پاکستان کی کیپٹل مارکیٹ کو مزید موثر اور سرمایہ کار (بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر)

گوادر پورٹ نے پہلا کامیاب کمرشل بنکرنگ آپریشن مکمل کرکے عالمی بحری ایندھن مرکز بننے کی جانب اہم پیش رفت کرلی

ہمیں کمزور نہ سمجھا جائے، پشتون 100 سال بعد بھی اپنا بدلہ نہیں بھولتے، محمود خان اچکزئی

پشتونوں کی موجودہ صورتحال پر خیبر سے تیراہ وزیرستان اور جنوبی پشتونخوا تک تمام پشتونوں کا جرگہ ضروری ہے

وزیراعلیٰ سے وزیراعظم تک سب بے اختیار ہیں، شہدا کے لاشوں کی بے حرمتی کی گئی ہے، دھرنے کو مزید وسیع دی جائیگی

کوئٹہ (این این آئی) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے چیئرمین و تحریک تحفظ آئین پاکستان کے سربراہ اور قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی نے کوئٹہ کے کوئلہ بھاٹک کے مقام پر جاری زیارت دہشت گردانہ واقعہ کے خلاف عوامی احتجاجی دھرنے سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ تمام پشتونوں کا جرگہ ہونا چاہیے، پشتونوں کی موجودہ صورتحال پر خیبر سے تیراہ وزیرستان اور (بقیہ نمبر 41 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، نوابزادہ لشکری رئیسانی کوئلہ بھاٹک دھرنے کے شرکاء سے خطاب کررہے ہیں

قطر نے اپنی سمندری حدود میں جہاز رانی عارضی طور پر معطل کردی

دوحہ (این این آئی) قطر نے عوامی تحفظ کے پیش نظر اپنی سمندری حدود میں بیشتر جہازوں کے لیے جہاز رانی اور تمام بحری (بقیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر)

بلوچستان میں سات روزہ انسداد پولیو مہم شروع ہوگئی

مہم میں کوئٹہ، پشین، قلعہ عبداللہ، چمن اور برشور میں بچوں کو ویکسین دی جائے گی، انعام الحق

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں سات روزہ انسداد پولیو مہم پیر سے شروع ہوگئی۔ ایمرجنسی آپریشن سینٹر کے مطابق خصوصی پولیو مہم صوبے کے 142 ہائی رسک (بقیہ نمبر 36 صفحہ 3 پر)

پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان توانائی کے شعبے میں تعاون کو مزید وسعت دینے پر اتفاق

وزیر توانائی اور سعودی عرب کے انرجی گروپ کی ملاقات میں توانائی کے شعبے میں دوطرفہ تعاون کو نئی جہت دینے کے امکانات پر تفصیلی تبادلہ خیال

بجلی کی بڑھتی ہوئی طلب، قومی گرڈ کی توسیع اور صاف توانائی کے مؤثر انضمام کے لیے ٹرانسمیشن انفراسٹرکچر کی جدید خطوط پر ترقی ناگزیر ہے، وفاقی وزیر

ریاض (این این آئی) وفاقی وزیر توانائی سردار اویس احمد خان لغاری کی قیادت میں پاکستان کے پاور سیکٹر کے اعلیٰ سطحی وفد نے ریاض میں مملکتِ سعودی عرب کے انرجی ورکنگ گروپ سے اہم ملاقات کی جس میں دونوں برادر ممالک کے درمیان دیرینہ اور مضبوط تعلقات کو مزید (بقیہ نمبر 37 صفحہ 3 پر)

امریکی وحشیانہ حملے یو این چارٹر کے اصولوں کی سنگین خلاف ورزی ہیں، ایران

تہران (این این آئی) ایرانی وزارتِ خارجہ نے گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران ہونے والے امریکی جارحانہ حملوں کی (بقیہ نمبر 39 صفحہ 3 پر)

پہلی صفر 16 جولائی بروز جمعرات ہونے کا امکان ہے، محکمہ موسمیات کی پیشگوئی

اسلام آباد (این این آئی) محکمہ موسمیات نے ماہ صفر کے چاند سے متعلق پیش گوئی کردی۔ محکمہ موسمیات کے مطابق 15 جولائی کی (بقیہ نمبر 40 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد، بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کی چیئرپرسن سینیٹر روبینہ خالد سے ایشیائی ترقیاتی بینک کا وفد ملاقات کررہا ہے

وزیر خارجہ کا اقوام متحدہ کے منشور مقاصد و اصولوں سے دیرینہ عزم کا اعادہ

اسحاق ڈار سے اقوام متحدہ ڈیکریٹری جنرل کی ایڈوائزر کی ملاقات

بین الاقوامی قانون اور معاہدوں کے احترام کو یقینی بنانا اور سلامتی کونسل کی قراردادوں پر دیانتداری سے عملدرآمد ضروری ہے

ابھرتے عالمی چیلنجز سے نمٹنے کیلئے اقوام متحدہ کو موثر انداز میں ہم آہنگ بنایا جائے، نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے پاکستان کے اقوام متحدہ کے منشور کے مقاصد و اصولوں اور کثیر جہتی نظام سے دیرینہ عزم کا اعادہ کیا ہے۔ ذرائع کے مطابق اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل کے عہدے کی امیدوار کیرولین روڈریگیز برکٹ (بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر)

سوراب، نامعلوم مسلح افراد کی مسافر بسوں پر فائرنگ دو مسافر زخمی

سہرچیل، کلغلی میں پنجگور سے کوئٹہ آنے والی دو مسافر بسوں پر نامعلوم مسلح افراد نے اندھا دھند فائرنگ کردی

کوئٹہ (این این آئی) ضلع سوراب کے علاقے میں نامعلوم مسلح افراد کی مسافر بسوں پر فائرنگ دو مسافر زخمی ہوگئے، پولیس کے مطابق پیر کو سوراب کے علاقے سہرچیل، کلغلی میں پنجگور سے کوئٹہ آنے والی دو مسافر بسوں پر نامعلوم مسلح افراد نے اندھا دھند فائرنگ کردی۔ جس کے (بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر)

پاک افغان طورخم بارڈر سے افغان شہریوں کی وطن واپسی کا سلسلہ تیز

پشاور (این این آئی) پاک افغان طورخم بارڈر سے افغان شہریوں کی وطن واپسی کا سلسلہ مزید تیز ہوگیا۔ ذرائع کے مطابق (بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر)

یورپی یونین نے غزہ کیلئے ایک ارب ڈالر کے امدادی اقدام کا آغاز کردیا

برسلز (این این آئی) یورپی یونین نے غزہ کیلئے ایک ارب ڈالر کے امدادی اقدام کا آغاز کردیا۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق ای یو کمیشن (بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد، چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی کا نویں اسلامی تعاون تنظیم کی وزارتی کانفرنس کے موقع پر شرکاء کے ہمراہ گروپ فوٹو

اے پی این ایس کی ریجنل پریس کمیٹی کا اجلاس

رجسٹریشن کی تجدید اور پبلشر کے انتقال کے بعد ڈیکلریشن کے طریقہ کار کو سہل بنایا جائے، اراکین

کراچی (پ ر) اے پی این ایس کی ریجنل پریس کمیٹی کا اجلاس کمیٹی کے چیئرمین محمد ہمایوں گلزار کی زیر صدارت اسلام آباد میں منعقد ہوا، صدر اے پی این ایس سینیٹر سرمد علی (بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر)

وفاقی آئینی عدالت نے مونال ریسٹورنٹ گرانے کا فیصلہ کالعدم کردیا

سی ڈی اے اور میٹروپولیٹن سٹی کی اپیلیں منظور، حکم امتناعی بھی ختم کردیا

فیصلہ میں وہ لکھا گیا جس کا فسانہ میں ذکر نہ تھا، جذباتی فیصلہ نہیں کرنا، جسٹس حسن رضوی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی آئینی عدالت نے پیر سوہاوہ مونال ریسٹورنٹ گرانے کا سپریم کورٹ کا فیصلہ کالعدم کردیا۔ پیر کو وفاقی آئینی عدالت نے سی ڈی اے اور میٹروپولیٹن (بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر)

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے سردار جمعہ خان بادیزئی کی قیادت میں وفد ملاقات کررہا ہے

وزیراعلیٰ سندھ اور وفاقی وزیر قومی ورثہ اورنگزیب خان کچھی کی ملاقات

قومی ورثہ کے تحفظ اور انتظامی مسائل کے حل کیلئے رابطے مضبوط بنانے پر اتفاق

کراچی (این این آئی) وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ اور وفاقی وزیر برائے قومی ورثہ و ثقافت ڈویژن اورنگزیب خان کچھی نے پیر کے روز قائداعظم مزار مینجمنٹ بورڈ اور نیشنل (بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر)

نوشکی، مکی مسجد کے قریب فائرنگ، دو افراد جاں بحق

چار روز قبل بھی اسی مقام پر دو افراد قتل ہوئے تھے، پولیس نے تحقیقات شروع کردیں

نوشکی (یو این اے) نوشکی میں مکی مسجد کے قریب نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ کے نتیجے میں دو افراد شدید زخمی ہوگئے، جنہیں فوری طور پر میر گل خان نصیر ٹیچنگ ہسپتال منتقل (بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر)

شدید گرمی کی لہر، یورپ میں 10 ہزار سے زائد اضافی اموات ریکارڈ

9 ہزار سے زیادہ اموات 65 سال یا اس سے زائد عمر کے افراد میں ہوئیں، اعداد و شمار

برسلز (این این آئی) یورپ کے مغربی حصے میں جون کے آخر میں آنے والی ریکارڈ توڑ گرمی کی لہر کے دوران 10 ہزار سے زائد اضافی اموات ریکارڈ کی گئیں، جن میں اکثریت 65 سال یا اس سے زائد عمر کے افراد کی تھی۔ اماراتی نیوز ایجنسی کے مطابق یورپی مرکز برائے (بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر)

امریکا ایران کشیدگی، عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمتوں کو پھر پر لگ گئے

کراچی (این این آئی) امریکا اور ایران کے درمیان بڑھتی ہوئی کشیدگی کے اثرات عالمی تیل مارکیٹ پر بھی نمایاں ہونے (بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر)

کشمیریوں کے حق خودارادیت اور بنیادی انسانی حقوق کی حمایت جاری رکھیں گے، بلاول بھٹو زرداری

بلاول بھٹو زرداری کا ڈوگرہ افواج کے ہاتھوں شہید ہونے والے 22 کشمیریوں کی برسی پر سرینگر میں شہید ہونے والے 22 عظیم شہدا کو خراجِ عقیدت

دنیا کو پیغام ہے عزت، انصاف اور اپنے مستقبل کا فیصلہ خود کرنے کی خواہش کو طاقت کے زور پر کبھی دبایا نہیں جاسکتا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے 1931 میں ڈوگرہ افواج کے ہاتھوں شہید ہونے والے 22 کشمیریوں کی برسی پر سرینگر میں شہید ہونے والے 22 عظیم شہدا کو خراجِ عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ دنیا کو یہ پیغام ہے کہ عزت، انصاف اور اپنے مستقبل کا فیصلہ خود کرنے کی خواہش کو طاقت کے زور پر کبھی دبایا نہیں جاسکتا۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ 13 (بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر)

سال 2026ء کا پہلا مکمل سورج گرہن 12 اگست کو ہوگا

لاہور (این این آئی) سال 2026 کا پہلا مکمل سورج گرہن 12 اگست کو ہوگا۔ یہ دلفریب نظارہ یورپ کے متعدد ممالک گرین لینڈ، آئس لینڈ، شمالی روس، اسپین اور پرتگال کے (بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر)

صدر، اور وزیراعظم کی کا پولیس اہلکاروں کو نشانہ بنانے والے دہشت گرد حملے کی مذمت

بیرونی سرپرستی میں سرگرم پاکستان دشمن دہشت گرد عناصر کے مذموم عزائم ہر قیمت پر ناکام بنائے جائیں گے

قوم، پولیس اور سیکیورٹی فورسز کی قربانیاں کبھی فراموش نہیں کرے گی، شہباز شریف / زرداری

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم شہباز شریف نے کا ٹانک میں پولیس اہلکاروں کو نشانہ بنانے والے دہشت گرد حملے کی شدید مذمت کرتے (بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نویں اسلامی تعاون تنظیم کی وزارتی کانفرنس برائے خواتین سے خطاب کررہے ہیں

قطر میں فورس میجور ختم ہوتے ہی ایل این جی کنکشن پر پابندی اٹھائے جانے کا امکان

اسلام آباد (این این آئی) قطر میں فورس میجور ختم ہوتے ہی ایل این جی کنکشن پر پابندی اٹھائے جانے کا امکان ہے۔ پٹرولیم (بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر)

وزیراعظم محمد شہباز شریف اور سابق وزیراعظم محمد نواز شریف دوحہ میں پرتپاک استقبال

دوحہ (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف اور سابق وزیراعظم محمد نواز (بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر)

کراچی اور کوئٹہ سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیرالاشاعت روزنامہ
Daily Gwadar Business
ABC Certified
روزنامہ
گوادر بزنس
ایڈیٹر ریاض احمد

مہنگائی میں اضافہ جاری۔۔۔۔۔۔

پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں حالیہ اضافے کے بعد صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں مہنگائی کی نئی لہر دیکھنے میں آرہی ہے۔ پٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں اضافے کے اثرات فوری طور پر سبزیوں، پھلوں، مرغی، گھی اور کوکنگ آئل کی قیمتوں پر بھی مرتب ہوئے ہیں، جس کے باعث روزمرہ استعمال کی اشیائے ضرور یہ مزید مہنگی ہوگئی ہیں اور شہریوں کا گھریلو بجٹ بری طرح متاثر ہونے لگا ہے۔ مارکیٹ ذرائع کے مطابق پٹرولیم مصنوعات مہنگی ہونے کے بعد ٹرانسپورٹ کے کرایوں اور مال برداری کے اخراجات میں اضافہ ہوا، جس کا بوجھ براہِ راست صارفین پر منتقل کر دیا گیا۔ سبزی فروشوں، پھل فروشوں اور پولٹری ڈیلرز نے نئی قیمتوں کا اطلاق کرتے ہوئے بیشتر اشیا کے نرخ بڑھا دیے ہیں۔ کوئٹہ کی سبزی منڈی اور مختلف مارکیٹوں میں پیاز 600 روپے فی پانچ کلو فروخت ہو رہے ہیں، جبکہ ٹماٹر 200 روپے فی کلو کے حساب سے دستیاب ہیں۔ آلو 450 روپے فی پانچ کلو، سبز مرچ 400 فی روپے کلو کھیرا 250 فی کلو، پھول گوبھی 250 روپے فی کلو، بند گوبھی 300 روپے فی کلو، لیموں 300 روپے فی کلو، بینگن 150 روپے فی کلو، ہری توری 200 روپے فی کلو، پودینہ 30 روپے فی گڈی، دھنیا 20 روپے فی گڈی، اروی 300 روپے فی کلو، فرانسیبین پھلی 350 روپے فی کلو، ٹینڈا 250 روپے فی کلو اور کدو 250 روپے فی کلو کے حساب سے فروخت کیا جا رہا ہے پھلوں کی قیمتوں میں بھی نمایاں اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ مارکیٹ میں آم 250 سے 300 روپے فی کلو، آڑو 350 روپے فی کلو، خوبانی 350 روپے فی کلو، کیلے 250 سے 300 روپے فی درجن، خربوزہ 150 روپے فی کلو جبکہ تربوز 80 روپے فی کلو کے حساب سے فروخت ہو رہا ہیدکانداروں کا کہنا ہے کہ ٹرانسپورٹ اخراجات بڑھنے کے باعث ہول سیل ریٹس میں بھی اضافہ ہوا ہے۔ پولٹری مارکیٹ میں بھی قیمتوں میں اضافہ دیکھنے میں آیا ہے۔ زندہ مرغی کی قیمت میں 50 روپے فی کلو اضافے کے بعد نئی قیمت 420 روپے فی کلو مقرر ہوگئی ہے، جبکہ مرغی کے گوشت کی قیمت میں 60 روپے فی کلو اضافہ ہونے کے بعد یہ 560 روپے فی کلو فروخت کیا جا رہا ہے اسی طرح خوردنی اشیا بھی مہنگی ہوگئی ہیں۔ مارکیٹ میں کوکنگ آئل کی قیمت میں 30 روپے فی کلو اضافہ ہونے کے بعد نئی قیمت 570 روپے فی کلو ہوگئی ہے، جبکہ گھی کی قیمت میں 50 روپے فی کلو اضافہ کے بعد یہ 620 روپے فی کلو فروخت کیا جا رہا ہے شہریوں نے مہنگائی میں مسلسل اضافے پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمت بڑھتے ہی روزمرہ استعمال کی ہر چیز مہنگی کر دی جاتی ہے، جبکہ آمدنی اور تنخواہوں میں کوئی اضافہ نہیں کیا جاتا۔ ان کا کہنا ہے کہ متوسط اور دیہاڑی دار طبقہ سب سے زیادہ متاثر ہو رہا ہے اور گھریلو اخراجات پورے کرنا دن بہ دن مشکل ہوتا جا رہا ہے شہریوں نے حکومت بلوچستان، ضلعی انتظامیہ، پرائس کنٹرول کمیٹی اور متعلقہ اداروں سے مطالبہ کیا ہے کہ ناجائز منافع خوری، ذخیرہ اندوزی اور مصنوعی مہنگائی کے خلاف فوری کارروائی کی جائے، سرکاری نرخ ناموں پر سختی سے عمل درآمد کرایا جائے، سبزی و فروٹ منڈیوں کی روزانہ نگرانی کی جائے اور عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے موثر اقدامات کیے جائیں۔

ہم گولی ماردے گی

تحریر۔ عبداللہ طارق سہیل

زمانہ طالب علمی کی بات ہے، ہم چند دوست پشاور گئے۔ وہاں سے پھر باڑہ گئے۔ آج کل تو پاکستان کے ہر شہر میں باڑہ موجود ہے، تب صرف پشاور کے نواح میں تھا۔ باڑہ علاقہ غیر میں تھا یعنی جہاں قانون نام کی کوئی شے نہیں تھی۔ آج کل تو خیر سے پورا پاکستان ہی علاقہ غیر ہے، تب تب صرف پشاور کے مغرب میں تھا۔ تو خیر، ہم باڑہ گئے۔ بہت سی دکانیں بندوقوں کی تھیں۔ ہمارے ایک ساتھی کے دل میں بندوقیں دیکھنے کا شیطانی خیال آیا اور اس نے کہا، چلو، بندوق کی دکان پر چلتے ہیں۔ میں نے روکا، کہا بندوق خریدنا گناہ ہے۔ بولا خریدیں گے تھوڑی، صرف دیکھیں گے۔ میں نے کہا، بندوق دیکھنا بھی گناہ ہے۔ لیکن ساری ٹولی گنہ گاروں کی تھی، بندوقیں دیکھنے نکل پڑے۔ ناچار مجھے بھی گنہ گار ہونا پڑا۔ دکان پر پہنچے، سامنے لٹکی ہوئی ایک چمکدار بندوق کی طرف اشارہ کر کے گنہ گار اعظم نے کہا، وہ دکھاؤ۔ دکاندار نے جس کی موچھیں بندوق کی نالی سے بھی بڑی تھیں، بندوق اٹھا کر دکھا دی۔ قیمت پوچھی، اس نے وہ بھی بتا دی۔ گنہ گار اعظم نے بندوق واپس کی اور پھر ہم وہاں سے چل دیئے۔ دکاندار نے آواز دی، خریدے گا نہیں۔ گنہ گار اعظم نے کہا، آگے سے ہو کر آتے ہیں۔ دکاندار نے کہا، ٹھیک ہے۔ لیکن یاد رکھو، کسی اور دکان سے بندوق خرید اتو اسی بندوق سے (جو واپس کی تھی) تم سب کو گولی مار دے گی۔

یہ سن کر ہم گھبرا گئے۔ باڑہ کا دورہ وہیں مختصر کیا اور باہر نکلتے وقت مڑ مڑ کے دیکھتے رہے کہ کہیں وہ بندوق لئے آتو نہیں رہا۔

پتہ نہیں وہ دھمکی دے رہا تھا یا فیصلہ سنا رہا تھا۔ بہرحال، کچھ دکانداروں کی یہ "سائیکی" ہوتی ہے کہ دوسری دکان سے سودا خریدنے والے کو گولی مار دے۔ گولی نہ مار سکے تو کم از کم ٹانگ ہی توڑ دے۔ بالعموم ایسے ارادے پر عملدرآمد کے امکانات کم ہوتے ہیں اس لئے کہ اس "سائیکی" کو قانون قبول کرتا ہے نہ معاشرہ اور نہ مارکیٹ۔

لیکن ایران نے کچھ ایسا ہی کیا۔ آبنائے ہرمز کے ایک طرف ایرانی ساحل ہے تو دوسری طرف عمانی ساحل۔ عمان نے اپنا ساحل جہازوں کیلئے کھول دیا۔ جہاز وہاں سے گزرنے لگے۔ ایران نے اعلان کیا، جسے گزرنا ہے، ہمارے ساحل سے گزرے، عمان کا ساحل استعمال کرنے والوں کو ہم "گولی ماردے گی"___ اور تین جہازوں کو اس نے گولی مار بھی دی۔

نتیجہ یہ کہ مفاہمت والا معاہدہ گویا ٹوٹ ہی گیا۔ وہی نفسیات کہ جو گاہک سامنے کی دکان سے خریداری کرے گا، "ہم اسے گولی ماردے گی"___

ایران کے مولانا حضرات یہ سمجھ ہی نہ پائے کہ عالمی برادری پہلے ہی اس کے بارے میں "سردمہر" ہے، اس کے اس اقدام سے اگر کچھ گنجائش کسی ملک کے دل میں تھی تو وہ بھی گئی۔ ایران اپنے ساحل پر اپنی مرضی کر سکتا ہے، دوسرے ملک کے ساحل پر کیسے کر سکتا ہے۔

عالمی میڈیا میں یہ خبریں بھی آئیں کہ ایرانی حکومت کی پوزیشن امن معاہدہ طے پا جانے کی صورت میں مضبوط ہو جاتی اور حکومتی ذرائع سے یہ خبر بھی آئی کہ مضبوط پوزیشن پر آنے کے بعد وہ پاسداران انقلاب کی تنظیم نو کرنے کا ارادہ رکھتی ہے جس کے بعد پاسداران حکومتی کنٹرول میں آجائیں گے۔ اسی اندیشے سے ڈر کر ہی پاسداران نے یہ کارروائی کی اور سب کچھ خطرے میں ڈال دیا۔ اور پھر ہوا کیا۔ امریکہ نے ساحلی پٹی پر ماضی کے مقابلے میں 20 گنا بڑی بمباری کی، اس کے کنٹرول ٹاور، ڈرون اور میزائلوں کے اڈے، میزائلوں کے دو بڑے گودام، راڈار سٹیشن، فوجی اڈے اور سو کے قریب حملہ آور کشتیاں تباہ کر ڈالیں یعنی ایران کو بے اندازہ نقصان ہوا۔ اور یہ بات سب کو پتا ہے، کچھ بھی ہو جائے، عالمی برادری اب ہرمز پر کسی ایک ملک کا کنٹرول ہونے نہیں دے گی۔ ہرمز ماضی کی طرح کھلی آبی شاہراہ رہے گی۔

ایسی آبنائیں دنیا میں بہت ہیں جن کے دونوں طرف دو ملک لگتے ہیں اور کوئی بھی ملک یہ سوچ بھی نہیں سکتا کہ وہ آبنائے کو بند کر دے گا۔ ڈوور ہی کو لے لیجئے۔ ایک طرف فرانس، دوسری طرف برطانیہ ہے۔ روس، جرمنی سمیت یہ سارے مشرقی یورپ کو دنیا بھر سے ملانے والا واحد راستہ ہے۔ کیا برطانیہ یا فرانس میں سے کوئی اسے بند کر سکتا ہے؟۔ پھر جبرالٹر ہے۔ بحیرہ روم کے سارے ملک اسی راستے سے باقی دنیا کے ساتھ جڑے ہوئے ہیں۔ ایک طرف سپین، دوسری طرف مراکش ہے۔ کبھی کسی نے سوچا بھی کہ سپین یا مراکش اسے بند کر سکتے ہیں؟ ایک اور قدرتی آبنائے ملاکا کی ہے، پھر باسفورس ہے، پھر وہ آبنائے ہے جس کے دونوں طرف ڈنمارک ہے اور روس اور بالٹک ریاستیں اسی راستے کے ذریعے دنیا بھر سے ملی ہوئی ہیں۔

لیکن ___ سب کچھ سمجھنے کے باوجود ایران "ہم گولی ماردے گی" پر ڈٹا ہوا ہے۔

سائبیریا میں ایک مقام "اوسک" ہے۔ یہاں روس کی سب سے بڑی آئل ریفائنری ہے۔ ارے نہیں، ہے نہیں تھی۔ گزشتہ ہفتے یوکرائن نے اسے ملیامیٹ کر دیا۔ ریفائنری ہی نہیں، ساتھ لگے کارخانے بھی۔ اور اس سے گزشتہ ہفتے یوکرائنی ڈرون طیارے، جھنڈ کے جھنڈ بنا کر اڑے اور دو روز کے اندر اندر روس کی 45 فیصد آئل ریفائنریاں تباہ کر ڈالیں۔ روسی توانائی کے ریچھ کو لنڈورا بنا ڈالا۔

یوکرائن کے ساتھ چھیڑ چھاڑ روس نے کی۔ یوکرائن نے محض جواب دیا۔ کسی کو یونہی چھیڑنا نہیں چاہیے ورنہ جسے چھیڑا جائے، وہ جواب میں کچھ بھی کہہ سکتا ہے اور کچھ بھی کر سکتا ہے

شب وصل ان کو جو چھیڑا تو بولے
بہت آج تو بے حیا ہو گیا ہے۔

روس نے زبردستی شب وصل منانا چاہی اور چھیڑ چھاڑ شروع کر دی۔ نتیجے میں اپنے تین لاکھ فوجی مروا ڈالے۔ آدھے سے زیادہ ہتھیار برباد کر ڈالے۔ یوکرائن نے روس کی کلاہ اتار کر اس کے ہاتھ میں تھما دی۔

سائبیریا رقبہ کے لحاظ سے دنیا کا سب سے بڑا ملک ہے۔ ایک کروڑ 31 لاکھ مربع کلومیٹر کا رقبہ۔ خدا کی پناہ۔ پاکستان کا رقبہ لگ بھگ 8 لاکھ مربع کلومیٹر ہے۔

دنیا کے اس سب سے بڑے ملک پر روس نے سولہویں صدی میں قبضہ کر لیا۔ اب تو اس کی "آزادی" کا امکان بھی نہیں رہا کہ روسی آباد کار یہاں پھیل گئے اور اب یہاں کی 80 فیصد آبادی روسی ہے۔

ریاست کا اٹل فیصلہ: سلامتی پر کوئی سمجھوتہ نہیں

تحریر۔ شیخ راشد عالم

بین الاقوامی تعلقات کا ایک اٹل اصول ہے کہ انسان دوست بدل سکتا ہے مگر پڑوسی نہیں بدلے جا سکتے۔ لیکن جب پڑوس کے آنگن سے اٹھنے والی آندھیاں آپ کے اپنے گھر کے چراغ بجھانے کا سوچیں، جب پناہ دینے والے ہاتھوں کو ہی زخمی کیا جانے لگے، تو پھر خاموشی کو کوتاہی اور تحمل کو کمزوری سمجھ لیا جاتا ہے۔ پاکستان اور افغانستان کے باہمی تعلقات آج تاریخ کے ایک ایسے موڑ پر آ کھڑے ہوئے ہیں جہاں مصلحت کی تمام حدیں ٹوٹ چکی ہیں۔ ریاستِ پاکستان، اس کی حکومت، عوام اور افواج پاکستان نے متحد ہو کر کابل کو ایک دوٹوک اور غیر مبہم پیغام دے دیا ہے کہ "اب مزید نہیں۔" جب بھی عالمی پناہ گزینوں کی تاریخ لکھی جائے گی تو ہماری قربانیوں کی وہ داستان جو دنیا نہیں دہرا سکی، پاکستان کا باب سنہری حروف میں لکھا جائے گا۔ 1979 میں جب افغانستان کی سرزمین سوویت جارحیت کی زد میں آئی تو پاکستان نے اپنے گھروں کے دروازے ہی نہیں کھولے بلکہ اپنے دلوں کے دریچے بھی وا کر دیے۔ ایک ایسی ریاست جس کے اپنے وسائل محدود، معیشت نازک اور سماجی ڈھانچہ دباؤ کا شکار تھا، اس نے چالیس لاکھ سے زائد افغان مہمانوں کو نہ صرف گلے لگایا بلکہ انہیں اپنی زندگیوں میں اس طرح شامل کیا جیسے وہ کوئی غیر نہ ہوں۔ افغان بھائیوں کو کیمپوں کی قید میں رکھنے کے بجائے پاکستان نے انہیں اپنے شہروں کی کھلی فضا دی، کاروبار کے یکساں مواقع دیئے، تعلیم کے دروازے کھولے اور آزادانہ سفر کی اجازت دی۔ یہ مہمان نوازی محض چند سالوں کی نہیں بلکہ چار دہائیوں پر محیط ہے، جہاں افغان مہمانوں کی تیسری نسل پاکستان کی سرزمین پر پروان چڑھ رہی ہے۔

ہم نے یہ سب کسی عالمی امداد کے طمع یا سیاسی مفاد کے لیے نہیں، بلکہ اسلامی اخوت، پڑوسی حقوق اور انسانیت کے ناطے کیا مگر افسوس کہ اس بے لوث ایثار کا بدلہ ہمیں کفرانِ نعمت، مسلسل عدم استحکام اور ہمارے اپنے بچوں کے خون کی ہولی کھیلنے کی صورت میں ملا۔ پاکستانی عوام کے صبر کا پیمانہ اب لبریز ہو چکا ہے۔ اگست 2021 میں جب کابل میں طالبان کی حکومت قائم ہوئی، تو پاکستان میں یہ امید جاگی تھی کہ اب ہمسایہ ملک ہمارے سیکیورٹی خدشات کو سمجھے گا اور دوحہ معاہدے کی روح کے مطابق افغان سرزمین پاکستان کے خلاف استعمال نہیں ہونے دے گا۔ یہ خوش فہمی جلد ہی کافور ہو گئی۔ گزشتہ تین برسوں میں خیبر پختونخوا اور بلوچستان کے پہاڑوں اور گلیوں میں پاکستانی سیکیورٹی فورسز اور معصوم شہریوں پر جو حملے ہوئے، ان کے تمام سراغ افغانستان کی سرحد پار پناہ گاہوں تک جا پہنچے۔ کالعدم تحریک طالبان پاکستان (ٹی ٹی پی) کے دہشت گردوں کو نہ صرف افغان سرزمین پر محفوظ ٹھکانے میسر ہیں بلکہ انہیں امریکی افواج کے چھوڑے ہوئے جدید ترین اسلحے سے لیس کر کے پاکستان کی سرحدوں پر شب خون مارنے کے لیے روانہ کیا جاتا ہے۔ یہ ایک سفارتی تضاد ہے کہ جو حکومت پورے افغانستان پر مکمل کنٹرول کا دعویٰ کرتی ہے، وہ چند ہزار شرپسندوں کو روکنے میں خود کو بے بس ظاہر کرے۔ پاکستان اب اس "بے بسی" کے بہانے کو تسلیم کرنے پر تیار نہیں۔ یا تو کابل کے حکمران اپنی سرحدوں کے ذمہ دار ہیں، یا ان کا اختیار محض ایک وہم ہے ___ دونوں میں سے کوئی ایک حقیقت انہیں دنیا کے سامنے تسلیم کرنا ہوگی۔

پراکسی جنگ کا پرانا کھیل اور بھارتی گٹھ جوڑ، پاکستان کا یہ موقف اب محض الزام نہیں، ٹھوس شواہد پر مبنی ایک تلخ حقیقت ہے کہ افغان سرزمین کو ایک بار پھر پاکستان کے خلاف پراکسی وار کے لانچنگ پیڈ کے طور پر استعمال کیا جا رہا ہے۔ اشرف غنی اور حامد کرزئی کے ادوار میں بھارتی خفیہ ایجنسی 'را' نے افغانستان کی دھرتی کو پاکستان میں دہشت گردی پھیلانے کے لیے استعمال کیا۔ آج بھی نئی دہلی کی خطے میں دلچسپی صرف اور صرف پاکستان کو کمزور کرنے کی خواہش سے عبارت ہے، نہ کہ افغان عوام کی بھلائی سے۔ افغان حکمرانوں کو یہ سمجھنا ہوگا کہ جو ہاتھ آج انہیں استعمال کر رہے ہیں، کل وہی ہاتھ انہی کی بقا کے لیے خطرہ بن جائیں گے۔ پاکستان کے خلاف افغان سرزمین کا استعمال کسی بھی صورت قابلِ قبول نہیں، نہ براہِ راست، نہ کسی مطابق افغان سرزمین پاکستان کے خلاف استعمال نہیں ہونے دے گا۔ یہ خوش فہمی جلد ہی کافور ہو گئی۔

پراکسی کے ذریعے، دانستہ اور نہ نادانستہ۔ آج پاکستانی حکومت، عوام اور افواج پاکستان ایک پیج پر کھڑے ہیں اور ان کا متحد نعرہ یہ ہے کہ پاکستان کی سلامتی کی سرخ لکیر سے تجاوز کسی بھی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا۔ پاک فوج، جس نے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں اپنے ہزاروں بہادر بیٹوں کو قربان کر کے ملک میں امن کی شمع روشن کی تھی، اب سرحد پار کے اس خطرے کو خاموش تماشائی بن کر نہیں دیکھے گی۔ حالیہ انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز کے ذریعے پاکستان نے عملی طور پر ثابت کر دیا ہے کہ اگر کابل اپنی سرزمین سے دہشت گردوں کے نیٹ ورک کی بیخ کنی نہیں کرتا تو پاکستان اپنے دفاع کا موروثی حق استعمال کرتے ہوئے بھرپور کارروائی کرے گا۔ پاک فوج کا عزم صمیم ہے کہ افغانستان سے آنے والی اس دہشت گردی کا سر ہمیشہ کیلئے کچل دیا جائے گا۔ چاہے اس کے لیے سرحدی باڑ کو مزید ناقابلِ عبور بنانا پڑے، غیر قانونی مقیم غیر شہریوں کی وطن واپسی کے عمل کو تیز کرنا پڑے، یا دشمن کے ٹھکانوں کو سرحد پار جا کر نیست و نابود کرنا پڑے۔

پاکستان آج بھی ایک پرامن، مستحکم اور خوشحال افغانستان کا خواہاں ہے کیونکہ ہم بخوبی جانتے ہیں کہ ہمارے پڑوس کا امن ہمارے اپنے امن سے جڑا ہے۔ لیکن امن کی اس دوطرفہ شاہراہ پر چلنے کے لیے کابل کو بھی اپنی ذمہ داری نبھانی ہوگی۔ اب پاکستانی قوم کا صبر بھی آخر کار جواب دے چکا ہے۔ وہ زمانہ گیا جب پاکستان یکطرفہ طور پر قربانیاں دیتا، لاشیں اٹھاتا اور پھر بھی مہمان نوازی کے تقاضے پورے کرتا تھا۔ اب باہمی تعلقات کی بنیاد صرف اور صرف تین اصولوں پر قائم ہوگی: برابری، باہمی احترام، اور سیکیورٹی کی غیر مشروط ضمانت۔ کابل کے حکمرانوں کے پاس اب بھی وقت ہے کہ وہ ہوش کے ناخن لیں اور ایک برادر پڑوسی کی قربانیوں کا پاس رکھتے ہوئے دہشت گردوں کی پشت پناہی بند کریں۔ اگر وہ اس لمحے کو ضائع کرتے ہیں، تو تاریخ گواہ ہے کہ جب پاکستان اور اس کی مسلح افواج اپنا دفاع کرتی ہیں تو پھر مصلحت کی کوئی دیوار، کوئی سرحد اور کوئی بہانہ دشمن کو بچا نہیں سکتا۔

☆☆☆

اعتماد کی آخری جنگ

تحریر۔ محمد نعیم قریشی

عالمی سیاست میں بعض اوقات ہتھیاروں سے زیادہ خطرناک چیز اعتماد کا ٹوٹ جانا ہوتا ہے۔ جب دو ریاستیں ایک دوسرے کی نیت پر یقین کھو بیٹھیں تو معاہدے اپنی حیثیت کھو دیتے ہیں اور جنگ بندی محض عارضی وقفہ محسوس ہونے لگتی ہے۔ آج امریکہ اور ایران کے درمیان پیدا ہونے والی نئی کشیدگی کو دیکھ کر یہی سوال ذہن میں ابھرتا ہے کہ کیا دنیا ایک بار پھر ایسے دوراہے پر کھڑی ہے جہاں سفارت کاری کی جگہ طاقت کی زبان لے رہی ہے؟۔ چند ہفتے قبل امریکہ اور ایران کے درمیان جنگ بندی کو ایک بڑی پیش رفت قرار دیا جا رہا تھا۔ اس دوران یہ امید پیدا ہوئی کہ خطہ ایک بڑے تصادم سے بچ جائے گا، عالمی منڈیوں میں استحکام آئے گا اور آبنائے ہرمز سے تیل کی ترسیل معمول پر آجائے گی لیکن حالات نے ایک مرتبہ پھر تیزی سے کروٹ لی ہے۔ سخت بیانات، فوجی تیاریوں اور ایک دوسرے پر الزامات نے یہ سوال کھڑا کر دیا ہے کہ آخر ایسا کیا ہوا کہ امن کی امید دوبارہ جنگ کے خدشات میں بدلنے لگی؟۔ میرا خیال ہے کہ اصل مسئلہ صرف کسی ایک معاہدے یا اس کی کسی شق کا نہیں بلکہ اعتماد کے بحران کا ہے۔ جب ایک فریق یہ سمجھے کہ دوسرا اپنے وعدوں کا پابند نہیں اور دوسرا فریق بھی یہی سوچ رکھتا ہو تو پھر مذاکرات کی میز بھی کمزور پڑ جاتی ہے۔

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایک مرتبہ پھر سخت لہجہ اختیار کرتے ہوئے کہا کہ ایران پر مزید اعتماد نہیں کیا جا سکتا اور اسے کسی بھی قیمت پر جوہری ہتھیار حاصل نہیں کرنے دیے جائیں گے۔ دوسری طرف ایران نے بھی واضح الفاظ میں کہہ دیا کہ اگر اس کے خلاف کارروائی کا ساتھ دیا تو اسے بھی جواب دیا جائے گا۔ ایسے ماحول میں جنگ بندی کی حیثیت پہلے ہی سوالیہ نشان بن جاتی ہے۔

کچھ تجزیہ کاروں کا خیال تھا کہ ایرانی عوام اپنی قیادت سے دور ہو چکے ہیں، لیکن حالیہ بڑے عوامی اجتماعات نے کم از کم یہ ضرور ثابت کیا کہ کسی معاشرے کی اندرونی کیفیت کا اندازہ صرف سیاسی خواہشات یا سوشل میڈیا کے رجحانات سے نہیں لگایا جا سکتا۔ ایران کو سمجھنا ہمیشہ آسان نہیں رہا۔ یہ بھی یاد رکھنا چاہیے کہ ایران کا اسلامی انقلاب 11 فروری 1979 کو کامیاب ہوا تھا۔ اس انقلاب کے بعد سے ایران نہ صرف امریکی خارجہ پالیسی بلکہ دنیا کی بڑی جامعات اور تھنک ٹینکس میں مسلسل تحقیق کا موضوع رہا ہے۔ نصف صدی گزرنے کے باوجود ایران کی داخلی سیاست اور سماجی ساخت کو سمجھنا آج بھی آسان نہیں۔ یہی وجہ ہے کہ ماضی میں کئی امریکی اندازے حقیقت سے مختلف ثابت ہوئے۔ اس پوری صورتحال کا سب سے حساس پہلو آبنائے ہرمز ہے۔ دنیا کے سمندری راستے سے منتقل ہونے والے خام تیل کا ایک بڑا حصہ اسی گزرگاہ سے گزرتا ہے۔ اگر یہاں دوبارہ کشیدگی بڑھتی ہے یا جہازوں کی آمدورفت متاثر ہوتی ہے تو اس کے اثرات صرف مشرق وسطیٰ تک محدود نہیں رہیں گے بلکہ پوری دنیا کی معیشت اس سے متاثر ہوگی۔ تیل مہنگا ہوگا، بحری انشورنس کے اخراجات بڑھیں گے، سپلائی چین متاثر ہوگی اور مہنگائی میں اضافہ ہو سکتا ہے۔ تاریخ اس کی گواہ ہے۔ 1984 سے 1988 کے دوران ایران۔ عراق جنگ کے دوران ہونے والی "ٹینکر وار" میں خلیج فارس سے گزرنے والے تیل بردار جہازوں کو باربار نشانہ بنایا گیا۔ اس دور میں عالمی توانائی کی منڈی شدید دباؤ کا شکار ہوئی اور بڑی بحری طاقتوں کو خلیج میں اپنی موجودگی بڑھانا پڑی۔ آج بھی آبنائے ہرمز کی اہمیت کم نہیں ہوئی بلکہ پہلے سے کہیں زیادہ بڑھ چکی ہے۔ امریکہ کے لیے بھی یہ صورتحال آسان نہیں۔ اگر آبنائے ہرمز دوبارہ بند ہوتی ہے یا اس میں رکاوٹ پیدا ہوتی ہے تو عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمتیں تیزی سے بڑھ سکتی ہیں۔ اس کا براہ راست اثر امریکی معیشت اور وہاں کے عام صارفین پر پڑے گا۔ امریکہ پہلے ہی اپنے اسٹریٹجک پیٹرولیم ریزرو سے تیل استعمال کر چکا ہے، اس لیے نئی کشیدگی اس کے لیے بھی معاشی چیلنج بن سکتی ہے۔ سوال صرف یہ نہیں کہ امریکہ کیا چاہتا ہے یا ایران کیا سوچ رہا ہے، بلکہ اصل سوال یہ ہے کہ کیا دونوں فریق ایک دوسرے پر دوبارہ اعتماد کر سکتے ہیں؟۔ جب ہر بیان کا جواب دوسرا سخت بیان آئے، ہر معاہدے کی الگ تشریح کی جائے اور ہر ثالثی ناکام دکھائی دے تو پھر امن کی راہ مزید مشکل ہو جاتی ہے۔ پاکستان سمیت کئی ممالک ہمیشہ یہی کوشش کرتے رہے ہیں کہ خطے میں کشیدگی کم ہو، کیونکہ جنگ کی آگ سرحدوں کی پابند نہیں ہوتی لیکن جب اعتماد ختم ہو جائے تو ثالثی بھی اپنی تاثیر کھونے لگتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ آج دنیا میں ایک مرتبہ پھر یہ سوال اٹھ رہا ہے کہ اگر دونوں فریق ایک دوسرے پر اعتبار ہی نہیں کرتے تو آئندہ مذاکرات کی ضمانت کون دے گا؟۔ تاریخ بھی یہی سبق دیتی ہے۔ پہلی عالمی جنگ (28 جولائی 1914 تا 11 نومبر 1918) ابتدا میں ایک محدود تنازع تھی لیکن غلط اندازوں نے اسے عالمی تباہی میں بدل دیا۔ 20 مارچ 2003 کو عراق پر امریکی حملہ چند ہفتوں کی فوجی کارروائی سمجھا جا رہا تھا مگر اس کے اثرات برسوں تک پورے مشرق وسطیٰ میں محسوس کیے گئے۔ اسی طرح 7 اکتوبر 2001 سے 30 اگست 2021 تک جاری رہنے والی افغانستان کی جنگ یہ ثابت کرتی ہے کہ عسکری کامیابی ہمیشہ سیاسی کامیابی میں تبدیل نہیں ہوتی۔ شاید یہی وجہ ہے کہ آج دنیا کی نظریں صرف میزائلوں پر نہیں بلکہ سفارت کاری پر بھی لگی ہوئی ہیں۔ اگر امریکہ اور ایران دوبارہ کھلی جنگ کی طرف بڑھتے ہیں تو نقصان صرف دونوں ممالک کا نہیں ہوگا۔ عالمی تجارت، توانائی کی منڈیاں، خطے کا امن اور عام آدمی کی زندگی سب متاثر ہوں گے۔ آخر میں ایک سوال پھر ذہن میں ابھرتا ہے۔ جب اعتماد ختم ہو جائے تو صلح کون کرواتا ہے؟۔ معاہدے صرف دستخطوں سے مضبوط نہیں ہوتے بلکہ نیت، تسلسل اور اعتبار سے مضبوط ہوتے ہیں۔ اگر ہر جنگ بندی کو اگلی جنگ کی تیاری سمجھا جائے تو پھر امن محض ایک خواب بن کر رہ جاتا ہے۔ طاقت وقتی برتری تو دے سکتی ہے، مگر تاریخ گواہ ہے کہ پائیدار امن ہمیشہ اعتماد سے قائم ہوتا ہے اور جب اعتماد ٹوٹ جائے تو سب سے پہلے شکست کسی ملک کی نہیں بلکہ انسانیت کی ہوتی ہے۔

بقیہ 1

میں بلوچستان اسمبلی کی سیکیورٹی اور موجودہ امن و امان کی صورتحال کے تناظر میں حفاظتی انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ اور انسپکٹر جنرل پولیس بلوچستان نے اسپیکر بلوچستان اسمبلی کو اسمبلی کی سیکیورٹی سے متعلق کیے گئے اقدامات پر تفصیلی بریفنگ دیتے ہوئے یقین دہانی کرائی کہ موجودہ حالات کے پیش نظر بلوچستان اسمبلی کی سیکیورٹی کو مزید موثر بنانے، حفاظتی اقدامات کو مضبوط کرنے اور ہر وقت مکمل چوکسی برقرار رکھنے کے لیے تمام ضروری اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ اس موقع پر اسپیکر بلوچستان اسمبلی کیپٹن (ر) عبدالخالق خان اچکزئی نے اس امر پر زور دیا کہ بلوچستان اسمبلی ایک اہم آئینی ادارہ ہے، لہٰذا اس کی سیکیورٹی پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں ہونا چاہیے۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ اسمبلی کی حفاظت، نگرانی اور سیکیورٹی انتظامات کو ہر ممکن حد تک موثر اور فول پروف بنانے کے لیے متعلقہ ادارے اپنی ذمہ داریاں بہترین طریقے سے سرانجام دیں۔

بقیہ 2

نیشنل لاجسٹکس سیل (NLC)، گوادر انٹرنیشنل ٹرمینلز لمیٹڈ (GITL) اور عالمی توانائی کمپنی وٹول ایشیا (Vitol Asia) کے باہمی تعاون سے 9 سے 11 جولائی کے دوران کامیابی سے انجام دیا گیا۔ اس آپریشن کے دوران دنیا کی معروف کمپنیوں قطر انرجی، ایڈنوک اور وٹول کی مشترکہ ملکیت والے ایل این جی کیریئر "L N G ENUGU" کو گوادر پورٹ پر 2,500 میٹرک ٹن VLSFO ایندھن فراہم کیا گیا۔ 285.4 میٹر طویل اس بحری جہاز کو ایندھن کی فراہمی "Marine Insta" نامی بنکر بارج کے ذریعے کی گئی، جبکہ کسٹمز، بندرگاہی حکام اور مقامی شپنگ ایجنٹ پاک ٹریڈرز گوادر نے آپریشن کو محفوظ اور موثر انداز میں مکمل کرانے میں اہم کردار ادا کیا۔ اس کامیاب پیش رفت کے بعد گوادر پورٹ اب صرف کارگو ہینڈلنگ تک محدود نہیں رہا بلکہ بین الاقوامی بحری جہازوں کو ایندھن اور دیگر بحری سہولیات فراہم کرنے والے ایک فعال مرکز کے طور پر بھی سامنے آ گیا ہے۔ ماہرین کے مطابق اس پیش رفت سے پاکستان کے لیے زرمبادلہ اور آمدنی کے نئے مواقع پیدا ہوں گے، جبکہ عالمی سطح پر گوادر پورٹ کی آپریشنل صلاحیت، جدید انفراسٹرکچر اور سیکیورٹی پر بین الاقوامی اعتماد مزید مضبوط ہوگا۔ یہ کامیابی سی پیک کے اس وژن سے بھی ہم آہنگ ہے جس کے تحت گوادر کو خطے کا اہم تجارتی اور توانائی مرکز بنایا جا رہا ہے۔ بندرگاہی حکام کا کہنا ہے کہ یہ گوادر میں باقاعدہ کمرشل بنکرنگ سروسز کا آغاز ہے اور مستقبل میں مزید بین الاقوامی جہاز گوادر پورٹ سے ایندھن حاصل کریں گے، جس سے پاکستان کی بلیو اکانومی، لاجسٹکس، میرین سروسز اور مقامی روزگار کے مواقع میں نمایاں اضافہ متوقع ہے۔

بقیہ 3

اور عوامی شعور بیدار کرنے سے پولیس اور عوام کے درمیان اعتماد مضبوط ہوتا ہے، جس سے جرائم کی روک تھام میں مدد ملتی ہے یہ باتیں انہوں نے گزشتہ روز اپنے دفتر میں وارکنگ جرنلسٹ میڈیا گروپ سیوی کے صدر میر اللہ داد رند کی سربراہی میں صحافیوں کے وفد سے ملاقات کرتے ہوئے ایس ایس پی سی عبدالحمید نے کہا کہ سیدوی شہر، بختیار آباد اور دیگر دیہی علاقوں میں امن و امان کی صورتحال پر کڑی نظر رکھی جا رہی ہے اس مقصد کے لیے تمام ایس ایچ اوز اور پولیس نفری کو ہر وقت چوکس رہنے کی ہدایات جاری کی گئی ہیں جبکہ ان کی کارکردگی کی نگرانی کے لیے الگ ٹیمیں بھی تشکیل دے دی گئی ہیں ملاقات میں سینئر نائب صدر اللہ یار ڈومکی اور

بقیہ 1

جاسک میں دھماکوں کی آوازیں سنی گئیں۔غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق امریکی فوج نے کہا کہ ایران کے خلاف مزید حملے شروع کر دیے ہیں۔امریکی فوج کا کہنا تھا کہ آبنائے ہرمز سے آزادانہ گزرنے والے تجارتی جہازوں اور سویلین کو نشانہ بنانے کی ایرانی صلاحیت کو مزید کمزور کرنے کا سلسلہ جاری رکھیں گے۔امریکی عسکری ذرائع کا دعویٰ ہے کہ ایرانی پاسداران انقلاب نے آبنائے ہرمز سے گزرنے والے تجارتی بحری جہازوں پر فائرنگ کی۔ امریکی لڑاکا طیارے نے ایران کے ایک کروز میزائل اور ایک ڈرون کو مار گرایا۔۔۔۔۔۔۔امریکی وزیر دفاع پیٹ ہیگسیتھ نے کہا ہے کہ ایرانی حکومت نے غلط انتخاب کیا ہے اور اب اسے اس کی قیمت چکانا پڑے گی۔عرب ٹی وی کے مطابق یہ بیان امریکی سینٹ کام کی جانب سے ان فضائی حملوں کے تیسرے مرحلے کے خاتمے کے اعلان کے بعد سامنے آیا۔ پیٹ ہیگسیتھ نے ایکس پر بیان میں کہا کہ ایران نے برا انتخاب کیا اور اب وہ اس کی قیمت ادا کر رہا ہے۔سینٹ کام کے مطابق امریکی افواج نے فضائی حملوں کے تیسرے مرحلے میں ایران کے اندر تقریباً 140 عسکری اہداف کو نشانہ بنانے کا دعویٰ کیا ہے۔سینٹ کام نے مزید کہا کہ اس ہفتے کے دوران تین کارروائیوں میں نشانہ بنائے گئے ایرانی اہداف کی تعداد 300 سے تجاوز کر گئی ہے۔۔۔۔۔۔۔ایران نے اپنی سرزمین پر امریکا کے تازہ حملوں کی مذمت کی ہے۔غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق ایرانی وزارتِ خارجہ نے کہا کہ امریکا کے حالیہ حملوں نے چند ماہ کی تمام سفارتی کوششوں کو بے سود بنا دیا ہے۔ایرانی وزارت خارجہ کے مطابق امریکا نے آبنائے ہرمز میں ایران کے ضروری انتظامات میں کھلی مداخلت کی، جس سے نا صرف وہاں دوبارہ عدم تحفظ کی صورتحال پیدا ہوئی بلکہ بین الاقوامی تجارتی جہاز رانی میں بھی خلل پڑا۔مسقط میں ہونے والے مذاکرات کا محور آبنائے ہرمز کا انتظام تھا لیکن امریکا نے عمان پر دباؤ ڈال کر اس معاملے پر کسی نتیجے تک پہنچنے کا عمل روک دیا۔۔۔۔۔۔۔ترجمان ایرانی وزارت خارجہ اسماعیل بقائی نے کہا ہے کہ امریکی اڈوں پر کارروائیاں حق دفاع میں کی گئیں۔میڈیا رپورٹس کے مطابق پریس بریفنگ میں انہوں نے کہا کہ جب تک دوسرا فریق اپنی ذمے داریاں پوری نہیں کرتا، ایران بھی ایم او یو پر عملدرآمد نہیں کرے گا۔اسماعیل بقائی کا کہنا تھا کہ ایران کو دفاع پر مور دِالزام ٹھہرانا غیر ذمے دارانہ ہے۔ترجمان ایرانی وزارت خارجہ کا کہنا تھا کہ ایران آبنائے ہرمز سے گزرنے والے تمام کارگو کی حفاظت کیلئے 20 فیصد کی شرح سے سیکیورٹی فیس لیں گے۔آبنائے ہرمز کی ناکہ بندی اور نئے طریقہ کار کا عمل فوری شروع کیا جائے گا۔خیال رہے کہ اس سے قبل واصل کر دیا گیا ہے۔جس کے بعد آپریشن شعبان میں جہنم واصل ہونے والے دہشتگردوں کی مجموعی تعداد 79 ہو گئی ہے۔سیکیورٹی حکام کے مطابق 5 جولائی سے اب تک آپریشن شعبان اور دیگر انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز میں مجموعی طور پر 117 خوارجی دہشت گرد جہنم واصل ہو چکے ہیں۔سیکیورٹی فورسز نے آخری دہشت گرد کے خاتمے تک بلوچستان میں آپریشن شعبان جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا ہے۔

بقیہ 2

کے کارگو جہازوں سے 20 فیصد فیس وصول کی جائے گی۔سوشل میڈیا پر اپنے بیان میں امریکی صدر نے کہا کہ امریکا کو آبنائے ہرمز کے محافظ کے نام سے جانا جائے گا۔انہوں نے کہا کہ ناکہ بندی صرف ایرانی بحری جہازوں اور ان کے گاہکوں کو روکے گی، ایران سے ہر ممالک کو آبنائے ہرمز آزادانہ استعمال کی مکمل اجازت ہوگی۔ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ آبنائے ہرمز سے گزرنے والے تمام کارگو کی حفاظت کیلئے 20 فیصد کی شرح سے سیکیورٹی فیس لیں گے۔آبنائے ہرمز کی ناکہ بندی اور نئے طریقہ کار کا عمل فوری شروع کیا جائے گا۔خیال رہے کہ اس سے قبل واصل کر دیا گیا ہے۔جس کے بعد آپریشن شعبان میں جہنم واصل ہونے والے دہشتگردوں کی مجموعی تعداد 79 ہو گئی ہے۔سیکیورٹی حکام کے مطابق 5 جولائی سے اب تک آپریشن شعبان اور دیگر انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز میں مجموعی طور پر 117 خوارجی دہشت گرد جہنم واصل ہو چکے ہیں۔سیکیورٹی فورسز نے آخری دہشت گرد کے خاتمے تک بلوچستان میں آپریشن شعبان جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا ہے۔

بقیہ 3

تبدیل جب کہ کئی وزراء کے قلم دانوں میں ردو بدل کیے جانے کا امکان ہے۔ ذرائع کے مطابق بلوچستان اور خیبر پختونخوا سے نئے چہروں کو کابینہ میں شامل کرنے پر بھی غور کیا جا رہا ہے جب کہ اتحادی جماعتوں کی نمائندگی بڑھانے کے لیے سیاسی قیادت سے مشاورت جاری ہے۔دوسری جانب بلوچستان عوامی پارٹی اور ایم کیو ایم کو مزید نمائندگی دینے کی تجویز بھی زیر غور ہے۔مزید برآں کابینہ میں تبدیلیوں کا حتمی فیصلہ آئندہ چند روز میں متوقع ہے، جس کے بعد وزیر اعظم کی منظوری سے باضابطہ اعلان کیا جائے گا۔

بقیہ 4

کیا گیا۔سیکیورٹی ذرائع کے مطابق ترکیہ پہنچنے پر فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کا گرم جوشی سے استقبال کیا گیا۔سیکیورٹی ذرائع کے مطابق فیلڈ مارشل سید عاصم منیر ترکیہ کی سیاسی اور عسکری قیادت سے ملاقاتیں کریں گے۔

بقیہ 5

تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ وطنِ عزیز سے فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں کے مکمل خاتمے تک جنگ جاری رہے گی، پوری قوم سیکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ اپنے بیان میں محسن نقوی نے پاک فوج، ایف سی بلوچستان اور پولیس کے مشترکہ آپریشن میں 5 مزید خوارجیوں کی ہلاکت پر فورسز کو سلام پیش کرتے ہوئے دہشت گردوں کے خلاف مؤثر زمینی اور فضائی کارروائیوں پر سیکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو سراہا۔انہوں نے کہا کہ وطنِ عزیز سے فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں کے مکمل خاتمے تک جنگ جاری رہے گی۔انہوں نے کہا کہ بلوچستان کا امن تباہ کرنے والے عبرت کا نشان بن رہے ہیں، پوری قوم سیکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ انہوں نے کہا کہ آپریشن شعبان اور دیگر انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز میں اب تک 114 خوارجی دہشت گردوں کی ہلاکت اس بات کا ثبوت ہے کہ ہماری فورسز انتہائی متحرک، پروفیشنل اور الرٹ ہیں۔ محسن نقوی نے کہا کہ بلوچستان کی دھرتی پر خون بہانے والے درندے کسی رعایت کے مستحق نہیں۔

بقیہ 6

حکومت نے وفاق سے 258 ارب 95 کروڑ روپے کے وسائل طلب کیے تھے، تاہم وفاق کی جانب سے گلگت بلتستان کیلئے 158 ارب 54 کروڑ 24 لاکھ 23 ہزار روپے کا بجٹ تخمینہ لگایا گیا ہے۔محمد علی اختر کے مطابق بجٹ پہلی سہ ماہی کے اخراجات پورے کرنے کیلئے پیش کیا گیا ہے، جس کے تحت 20 ارب 47 کروڑ 83 لاکھ روپے کے عبوری بجٹ کی منظوری کی تجویز دی گئی ہے۔انہوں نے بتایا کہ نئے مالی سال میں 12 ارب 23 کروڑ 92 لاکھ 47 ہزار روپے اضافی آمدن متوقع ہے، جبکہ غیر ٹیکس محصولات کی مد میں 6 ارب 9 کروڑ 80 لاکھ روپے حاصل کرنے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔بجٹ دستاویزات کے مطابق مالی سال 27-2026 میں غیر ترقیاتی اخراجات کیلئے 88 ارب روپے مختص کرنے کی تجویز دی گئی ہے۔گندم سبسڈی کیلئے 15 ارب روپے جبکہ گندم کی فروخت سے 3 ارب روپے آمدن حاصل ہونے کا تخمینہ لگایا گیا ہے۔عبوری بجٹ میں سرکاری ملازمین کی تنخواہوں اور الاؤنسز کیلئے 15 ارب 22 کروڑ 50 لاکھ روپے، محکموں کے ضروری اخراجات کیلئے ایک ارب 38 کروڑ 57 لاکھ روپے اور سیلاب سے متاثرہ علاقوں کی بحالی کیلئے وزیراعظم گرانٹ کی مد میں 27 کروڑ 57 لاکھ 85 ہزار روپے مختص کرنے کی تجویز دی گئی ہے

بقیہ 7

اس موقع پر نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار، ارکین قومی اسمبلی فرخ ناز اکبر، زیب جعفر اور سیکرٹری خارجہ ایمبیسڈر آمنہ بلوچ بھی موجود تھیں۔سیکرٹری جنرل کے ہمراہ پاکستان میں سعودی عرب کے سفیر جناب نواف سعید المالکی بھی موجود تھے۔ وزیراعظم نے ڈاکٹر الصعیبی کا پرتپاک خیر مقدم کیا اور 13-12 جولائی کو اسلام آباد میں منعقدہ خواتین سے متعلق او آئی سی (OIC) کی وزارتی کانفرنس میں شرکت کرنے پر ان کا شکریہ ادا کیا۔ وزیراعظم نے اسلام کے حقیقی اور معتدل تشخص کو اجاگر کرنے، امتِ مسلمہ میں اتحاد کو فروغ دینے اور دنیا بھر میں رواداری، اخوت اور بین المذاہب ہم آہنگی کا پیغام عام کرنے میں مسلم ورلڈ لیگ کے گراں قدر کردار کو سراہا۔اس سلسلے میں، انہوں نے لیگ کی عالمی سطح پر سرگرمیوں کو آگے بڑھانے میں سیکرٹری جنرل کی ذاتی قیادت کی تعریف کی اور تنظیم کے اقدامات کے لیے پاکستان کی مسلسل حمایت کا اعادہ کیا۔ وزیراعظم نے مسلم دنیا کو درپیش موجودہ مسائل سے نمٹنے کے لیے مذہبی مکالمے کے حوالے سے مسلم ورلڈ لیگ کی کوششوں کی اہمیت پر زور دیا۔ان مسائل میں ایران اور خلیجی برادر ممالک کے درمیان خطے کی موجودہ صورتحال، غزہ میں فلسطینیوں کی مشکلات اور دنیا بھر میں مسلم برادریوں کو درپیش دیگر چیلنجز شامل ہیں۔انہوں نے ڈاکٹر الصعیبی کے پاکستان کے گزشتہ دوروں اور ان کی متعدد خدمات کا ذکر کیا، جن میں اسلام آباد میں لڑکیوں کی تعلیم سے متعلق بین الاقوامی سربراہی اجلاس کا انعقاد بھی شامل ہے

بقیہ 8

خارجیوں کو ہوائی اور زمینی کارروائیوں میں نشانہ بنایا جا رہا ہے۔تازہ کارروائیوں کے دوران مزید 8 خارجیوں کو جہنم واصل کر دیا گیا ہے۔جس کے بعد آپریشن شعبان میں جہنم واصل ہونے والے دہشتگردوں کی مجموعی تعداد 79 ہو گئی ہے۔سیکیورٹی حکام کے مطابق 5 جولائی سے اب تک آپریشن شعبان اور دیگر انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز میں مجموعی طور پر 117 خوارجی دہشت گرد جہنم واصل ہو چکے ہیں۔سیکیورٹی فورسز نے آخری دہشت گرد کے خاتمے تک بلوچستان میں آپریشن شعبان جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا ہے۔

بقیہ 9

جولائی 1931ء کے شہداء کے لہو نے کشمیری عوام کی جمہوری، سیاسی اور انسانی حقوق کے لیے طویل اور باوقار جدوجہد کی بنیاد رکھی۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ شہدائے کشمیر کی قربانیوں میں دنیا کو ایک پیغام دیتی ہیں، دنیا کو یہ پیغام ہے کہ عزت، انصاف اور اپنے مستقبل کا فیصلہ خود کرنے کی خواہش کو طاقت کے زور پر کبھی دبایا نہیں جا سکتا۔بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ پیپلز پارٹی بھارتی غیر قانونی زیر تسلط جموں و کشمیر کے عوام کے ساتھ اپنی غیر متزلزل یکجہتی کا اعادہ کرتی ہے۔انہوں نے کہا کہ جنوبی ایشیا میں پائیدار امن اسی وقت ممکن ہے جب مسئلہ جموں و کشمیر کا منصفانہ اور پُر امن حل ہو۔انہوں نے کہا کہ مسئلہ کشمیر کا حل صرف یہ ہو سکتا ہے کہ وہ کشمیری عوام کی امنگوں اور اقوامِ متحدہ کی متعلقہ قراردادوں کے مطابق ہو۔ انہوں نے کہا کہ قائدِ عوام شہید ذوالفقار علی بھٹو اور شہید محترمہ بینظیر بھٹو کا مسئلہ کشمیر پر اصولی مؤقف مشعلِ راہ ہے، پیپلز پارٹی ہمیشہ مظلوم اور محکوم کشمیری عوام کی آواز بنی ہے۔بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ شہدائے کشمیر کی عظیم قربانیاں رنگ بہت جلد امن، انصاف اور آزادی کی صورت میں رنگ لائیں گی۔

بقیہ 10

ہوئے کہا ہے کہ بیرونی سرپرستی میں سرگرم پاکستان دشمن دہشت گرد عناصر کے مذموم عزائم ہر قیمت پر ناکام بنائے جائیں گے، قوم، پولیس اور سیکیورٹی فورسز کی قربانیاں کبھی فراموش نہیں کرے گی، پورے ملک سے ان دہشت گرد گروہوں کے خاتمے تک آپریشن جاری رہے گا، بے گناہ شہریوں کی شہادت کا بدلہ لیا جائے گا۔اپنے بیان میں صدرِ مملکت نے حملے میں شہید ہونے والے اہلکاروں کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے شہداء کے بلند درجات اور سوگوار خاندانوں کے لیے صبر جمیل کی دعا کی

بقیہ 11

کچھ حصوں میں دکھائی دے گا۔جبکہ جزوی سورج گرہن یورپ کے کئی ممالک، افریقہ، شمالی امریکہ، بحرِ اوقیانوس، آرکٹک اوقیانوس اور بحرِ الکاہل کے مختلف حصوں میں بھی نظر آئے گا۔تاہم یہ سورج گرہن ہمارے خطے کے وقت کے مطابق غروبِ آفتاب کے بعد رات کے وقت ہوگا۔ اس لیے پاکستان، بھارت، چین، سری لنکا، ایران، افغانستان سمیت دیگر ممالک میں دکھائی نہیں دے گا۔سورج گرہن کو خواب کی جانب سے تحریر کیے گئے 17 صفحات پر مشتمل فیصلے میں کہا گیا کہ عدالت کی ہدایات کا مقصد مزید قانونی چارہ جوئی کو ایک اہم عوامی بنیاد فراہم کرنے کے منصوبے کی بروقت تکمیل میں رکاوٹ بننے سے روکنا ہے۔ فیصلے میں کہا گیا کہ ہائیکورٹ نے قانون کو مدنظر رکھے بغیر غلط ہدایات جاری کیں جبکہ اپنے احکامات میں تنازعات کے حل سے متعلق معاہدے، واپڈا ایکٹ اور نیب قوانین کو بھی پیش نظر نہیں رکھا۔عدالت نے قرار دیا کہ آرٹیکل 199 کے تحت ہائیکورٹ کے دائرِ اختیار کو اوورسیز نوٹیس لکھا جا سکتا اور آئینی حدود سے تجاوز انصاف کی کھلی خرابی کا باعث بنتا ہے

بقیہ 12

ڈویژن کے ذرائع کے مطابق تعمیر تک ایل این جی کے گھریلو کنکشنز پر پابندی ختم ہو سکتی ہے، ایل این جی سپلائی سے متعلق قطر نے اگست تک فورس میجور کا اعلان کر رکھا ہے۔ ذرائع کے مطابق قطر میں فورس میجور ختم ہونے سے تعمیر سے ایل این جی سپلائی بہتر ہو جائے گی، ستمبر میں پاور سیکٹر کی ایل این جی طلب بھی کم ہو جائے گی۔ ذرائع کے مطابق ایل این جی کنکشنز پر عائد پابندی ہٹانے کا حتمی فیصلہ سپلائی صورتحال دیکھ کر ہوگا۔ایل این جی سپلائی معطلی کے بعد مئی میں ایل این جی کنکشن روک دیے گئے تھے۔

بقیہ 13

شریف کا قطر کے ایک روزہ دورے پر دوحہ پہنچنے پر تپاک استقبال کیا گیا۔پیر کو دوحہ ایئرپورٹ پر قطر کے نائب وزیر اعظم و وزیر مملکت برائے دفاع شیخ سعود بن عبدالرحمٰن بن حسن بن علی آل ثانی نے وزیراعظم محمد شہباز شریف، سابق وزیراعظم محمد نواز شریف اور پاکستانی وفد کا استقبال کیا۔

بقیہ 14

گئے ہیں۔عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمت چار اعشاریہ پانچ فیصد سے زائد بڑھ گئی، جس کے بعد برطانوی برینٹ کروڈ آئل اثاثی اعشاریہ دو سات ڈالر فی بیرل تک پہنچ گئی، جہاں اس کے سودے طے پائے۔ماہرین کے مطابق امریکا اور ایران کے درمیان جاری کشیدگی، خصوصاً خلیجی خطے اور آبنائے ہرمز کی صورتحال، عالمی توانائی منڈی میں بے یقینی کو بڑھا رہی ہے۔

بقیہ 15

محمد اطہر قاضی سیکرٹری جنرل اور شہاب زبیری نائب صدر نے خصوصی طور پر شرکت فرمائی۔ اجلاس میں اراکین نے نشاندہی کی کہ کلائنٹ سے ڈائریکٹ ادائیگی میں بہت تاخیر کا سامنا ہے جس کے نتیجے میں پرنٹ میڈیا کے ادارے بالخصوص ریجنل اخبارات موجودہ ادائیگی کے غیر یقینی طریقہ کار کی وجہ سے شدید مالی بحران کا سامنا کر رہے ہیں۔ وفاق کے متعدد اداروں کی طرف سے اخبارات کے طویل عرصہ سے بل واجب الادا ہیں۔اراکین نے مطالبہ کیا کہ اشتہارات کی سینٹرلائزیشن پالیسی ختم کی جائے اور کلائنٹ (اداروں) کو اپنا میڈیا تجویز کرنے کی سابقہ پالیسی بحال کی جائے اس سے اخبارات کے اشتہارات کے حجم میں نمایاں اضافہ ہوگا اور ساتھ ہی ساتھ پی آئی ڈی کو مختلف اداروں کے اشتہارات کے میڈیا میں ایڈیشن کی زیادہ گنجائش میسر آئے گی۔ پی آئی ڈی کے ریجنل دفاتر کراچی، حیدر آباد، کوئٹہ، لاہور اور پشاور کو بھی بااختیار بنایا جائے مذکورہ دفاتر کے تجویز کردہ میڈیا کو تبدیل کرنے کی پالیسی کو فوری طور پر ختم ہونا چاہئے۔ اجلاس میں اراکین نے مزید مطالبہ کیا کہ رجسٹریشن کی تجدید اور پبلشر کے انتقال کے بعد ڈیکلریشن کے طریقہ کار کو سہل بنایا جائے اس ضمن میں غیر ضروری اور پیچیدہ کارروائی کا خاتمہ ہونا چاہئے

بقیہ 16

منچلے میں ایک بس کے ٹائر گولیاں لگنے سے پھٹ گئے، جبکہ دوسری بس کے شیشے ٹوٹ گئے۔ پولیس کے مطابق واقعے میں دو مسافر زخمی ہوئے جن کی شناخت صلاح الدین ولد عبدالکریم (عمر 35 سال) اور صمین دختر حفیظ اللہ کے نام سے ہوئی ہے۔ واقعہ کے بعد زخمیوں کو فوری طور پر ریسکیو 1122 کے ذریعے طبی امداد کے لیے منتقل کیا گیا، جہاں ان کی حالت خطرے سے باہر اور مستحکم بتائی گئی ہے۔ایس ایچ او صدر پولیس نفری کے ہمراہ فوری طور پر جائے وقوعہ پر پہنچے، علاقے کو محفوظ بنا کر شواہد اکٹھے کیے اور واقعے کی تحقیقات شروع کر دی ہیں۔

بقیہ 17

نے نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار سے ملاقات کی۔نائب وزیراعظم نے بین الاقوامی امور میں اقوام متحدہ کے مرکزی کردار کیلئے پاکستان کی غیر متزلزل حمایت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ بین الاقوامی قانون اور معاہدوں کے احترام کو یقینی بنانا اور سلامتی کونسل کی قراردادوں پر دیانتداری سے عملدرآمد ضروری ہے۔اسحاق ڈار نے کہا کہ ابھرتے عالمی چیلنجز سے نمٹنے کیلئے اقوام متحدہ کو موثر انداز میں ہم آہنگ بنایا جائے، ترقی پذیر ممالک کی ضروریات کو بہتر طریقے سے پورا کرنے کیلئے ضروری اقدامات کیے جائیں۔

بقیہ 18

گزشتہ روز طورخم بارڈر سے 3790 افغان شہری اپنے ملک روانہ ہوئے، حمزہ بابا ہولڈنگ سینٹر، لنڈی کوتل سے سب سے زیادہ ایک ہزار 834 افغان شہری افغانستان واپس بھیجے گئے۔ جمعہ خان کیمپ سے 838، اضاخیل کیمپ سے 448 افغان شہریوں کی وطن واپسی مکمل ہوئی، جبکہ کوہاٹ کیمپ سے 329، نوشہرہ کیمپ سے 171 افغان شہری اپنے ملک روانہ ہوئے

بقیہ 19

نے کہا کہ ٹیم غزہ اقدام کے تحت ایک ارب ڈالر کی مالی معاونت کو یکجا کیا جا رہا ہے، اس اقدام میں 12 سے زائد ممالک، یورپی سرمایہ کاری بینک اور عالمی بینک شامل ہے۔ ای یو کمیشن کے مطابق غزہ کے عوام کو بنیادی ضروریات، تعمیر نو کے لیے مسلسل مالی معاونت کی ضرورت ہے۔یورپی یونین کی نائب صدر کایا کالاس نے کہا کہ فلسطینی ریاست کی تعمیر فلسطینی عوام کی ملکیت اور قیادت میں ہونی چاہیے۔ای یو کمیشن کے مطابق ٹیم غزہ اقدام کا آغاز برسلز میں منعقدہ فلسطین ڈونر گروپ کے اجلاس میں کیا گیا۔

بقیہ 20

مداخلت سے روک دیا ہے۔عدالت نے سندھ ہائیکورٹ کے فیصلے اور احکامات کو کالعدم قرار دیتے ہوئے ہدایت کی ہے کہ ڈیم کی تعمیر سے متعلق تمام تنازعات کا حل فریقین کے درمیان طے شدہ معاہدے کے مطابق کیا جائے۔ چیف جسٹس امین الدین خان کی جانب سے تحریر کیے گئے 17 صفحات پر مشتمل فیصلے میں کہا گیا کہ عدالت کی ہدایات کا مقصد مزید قانونی چارہ جوئی کو ایک اہم عوامی بنیادی ڈھانچے کے منصوبے کی بروقت تکمیل میں رکاوٹ بننے سے روکنا ہے۔ فیصلے میں کہا گیا کہ ہائیکورٹ نے قانون کو مدنظر رکھے بغیر غلط ہدایات جاری کیں جبکہ اپنے احکامات میں تنازعات کے حل سے متعلق معاہدے، واپڈا ایکٹ اور نیب قوانین کو بھی پیش نظر نہیں رکھا۔عدالت نے قرار دیا کہ آرٹیکل 199 کے تحت ہائیکورٹ کے دائرِ اختیار کو اوورسیز نوٹیس لکھا جا سکتا اور آئینی حدود سے تجاوز انصاف کی کھلی خرابی کا باعث بنتا ہے

بقیہ 21

ہیں گے وہ پیر کو کوئٹہ میں بلوچستان کے عظیم سیاسی رہنما اور شہید نوابزادہ میر سراج خان رئیسانی کی آٹھویں برسی کے موقع پر منعقدہ تعزیتی ریفرنس سے خطاب کر رہے تھے۔ تعزیتی ریفرنس میں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، رکن قومی اسمبلی نوابزادہ میر جمال خان رئیسانی، صوبائی وزراء بخت محمد کاکڑ، میر ضیاء اللہ لانگو، میر عاصم کرد گیلو، میر سلیم خان کھوسہ، پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنماؤں، رئیسانی قبائل کے عمائدین، سیاسی و سماجی شخصیات اور عوام کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ تقریب کے آغاز میں شہید میر سراج خان رئیسانی کے ایصالِ ثواب کے لیے قرآن خوانی اور لنگر کا اہتمام بھی کیا گیا وزیراعلیٰ نے کہا کہ اگر ان کی جان سے بلوچستان کا مسئلہ حل ہو سکتا ہے تو وہ اپنی جان دینے کے لیے بھی تیار ہیں، کیونکہ ان کے لیے عہدہ نہیں بلکہ بلوچستان کے عوام کی خدمت سب سے اہم ہے۔انہوں نے کہا کہ کرسی آنی جانی چیز ہے، اصل مقصد عوام کی خدمت اور صوبے میں امن و ترقی کا قیام ہے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان میں امن کے قیام کے لیے حکومت ہر ممکن اقدام کرنے کو تیار ہے اور ریاست عوام کے جان و مال کے تحفظ کو اپنی اولین ذمہ داری سمجھتی ہے۔انہوں نے کہا کہ دہشت گردی اور تشدد کے ذریعے بلوچستان کو پاکستان سے الگ کرنے کا خواب کبھی پورا نہیں ہو سکتا، دہشت گرد صرف ترقی، خوشحالی اور عوام کے روشن مستقبل میں رکاوٹ بن سکتے ہیں انہوں نے کہا کہ حکومت کی اولین ترجیحات تعلیم، صحت، روزگار اور بلوچستان کی پائیدار ترقی ہیں، جبکہ شرپسند عناصر نوجوانوں کو گمراہ کر کے انہیں ایک لاحاصل جنگ میں دھکیل رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ان کے والد شہید نوابزادہ میر سراج خان رئیسانی کو شہید کر کے وطن سے محبت کو ختم کرنے کی کوشش کی گئی، مگر ان کی شہادت کے بعد عوام کی محبت میں مزید اضافہ ہوا ہے۔میر جمال خان رئیسانی نے کہا کہ جس طرح ان کے والد ہمیشہ ریاست پاکستان کے ساتھ کھڑے رہے، وہ بھی اسی عزم کے ساتھ ریاست کے شانہ بشانہ کھڑے رہیں گے۔انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی ترقی، امن اور خوشحالی کے لیے کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے۔تقریب کے اختتام پر شہید نوابزادہ میر سراج خان رئیسانی سمیت وطن عزیز کے تمام شہداء کے درجات کی بلندی، ملکی سلامتی، امن اور بلوچستان کی ترقی و خوشحالی کے لیے خصوصی دعا کی گئی۔

بقیہ 22

خطاب کرتے ہوئے صدر آذربائیجان الہام علیوف نے کہا کہ پاکستانی وزیراعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل کی امن کوششیں قابل ستائش ہیں، خطے کے امن کے لیے وزیر اعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل کے عزم کو سراہتے ہیں۔صدر آذربائیجان الہام علیوف نے کہا کہ امید ہے پاکستان ایک بار پھر خطے میں امن کے قیام کی کوششوں میں کامیاب ہوگا۔انہوں نے کہا کہ آذربائیجان صرف اپنی رکنیت کی معطلی یا منجمد کیے جانے پر ہی نہیں بلکہ کونسل آف یورپ سے مکمل انخلا پر بھی سنجیدگی سے غور کر رہا ہے، ہم واضح طور پر اس تنظیم کو چھوڑنے پر غور کر رہے ہیں

بقیہ 23

سٹی کی اپیلیں منظور کر لیں، عدالت نے حکم امتناعی بھی ختم کر دیا، ٹرائل کورٹس کو جلد از جلد مقدمات کے فیصلوں کی ہدایت کر دی۔ وفاقی آئینی عدالت نے قرار دیا کہ ملکیت کا فیصلہ ٹرائل کورٹس عدالتی ایزروینسز سے متاثر ہوئے بغیر کریں گی، انتظامی معاملات کا فیصلہ ریگولیٹری باڈیز کریں گی۔جسٹس حسن رضوی نے کہا کہ سپریم کورٹ کے فیصلے میں بہت سے نکات کو مدنظر نہیں رکھا گیا، کیس دائر کرنے یا نظر ثانی دائر کرنے پر بھی عدالت نے غصہ کیا، فیصلہ میں وہ کچھ لکھا گیا جس کا فسانہ میں ذکر نہ تھا، ہم نے جذباتی فیصلہ نہیں کرنا ہے۔وکیل احسن بھون نے کہا کہ عدالت نے کیس کو بہت اچھا پڑھا ہے، جس پر جسٹس حسن اظہر رضوی نے کہا کہ عدالت میں ہماری تعریفیں نہ کریں

بقیہ 24

لائبریری آف پاکستان کے کراچی ریجنل آفس سے متعلق امور کا تفصیلی جائزہ لیا۔ملاقات میں قومی ورثہ کے اداروں کے تحفظ اور دیرینہ انتظامی مسائل کے حل کے لیے وفاقی اور صوبائی حکومت کے درمیان رابطوں کو مزید مضبوط بنانے پر اتفاق کیا گیا۔اجلاس میں مزارِ قائد اور اس کے اطراف کے علاقوں کی انتظامیہ، دیکھ بھال اور سیکیورٹی سے متعلق امور کا جائزہ لیا گیا، جن میں تجاوزات، کچرے اور تعمیراتی ملبے کی غیر قانونی ڈمپنگ، منشیات کے عادی افراد اور شر پسند عناصر کی موجودگی سے پیدا ہونے والے سیکیورٹی خدشات، اور قومی یادگار تک عوامی رسائی بہتر بنانے کی تجاویز شامل تھیں۔ اجلاس میں لیاقت میموریل لائبریری کمپلیکس میں قائم نیشنل لائبریری آف پاکستان کے ریجنل آفس سے متعلق تنازعات، جن میں پانی کی فراہمی، عمارت کے استعمال اور مستقبل میں توسیع کے منصوبے شامل ہیں، پر بھی متبادلہ خیال کیا گیا۔اجلاس میں کمشنر کراچی حسن نقوی، سیکریٹری وزیراعلیٰ آصف جمیل، سیکریٹری ثقافت خیر محمد کلوڑ اور دیگر صوبائی حکام شریک ہوئے۔ وفاقی وزیر کے ہمراہ ڈائریکٹر جنرل نیشنل لائبریری آف پاکستان، ریزیڈنٹ انجینئر اور سیکریٹری قائداعظم مزار مینجمنٹ بورڈ علیم خان، اور قومی ورثہ و ثقافت ڈویژن کے سینئر افسران بھی موجود تھے۔اجلاس کے دوران حکام نے وزیراعلیٰ کو قائداعظم مزار مینجمنٹ بورڈ کی آئینی حیثیت اور ذمہ داریوں سے آگاہ کیا، جو مزارِ قائد اور اس سے ملحق 131.718 ایکڑ رقبے پر مشتمل احاطے کے تحفظ، دیکھ بھال، مرمت اور ترقی کا ذمہ دار ہے۔ وزیراعلیٰ سندھ نے کمشنر کراچی حسن نقوی کو ہدایت کی کہ لائنز ایریا اور خداداد کالونی سے ملحق مزارِ قائد کے اطراف سے تجاوزات فوری ختم کی جائیں، یادگار کے گرد سڑکوں پر کچرا اور ملبہ پھینکنے کی روک تھام کی جائے، سیکیورٹی انتظامات مزید مؤثر بنائے جائیں اور مزار کی دیکھ بھال و مرمت کے لیے مالی معاونت فراہم کی جائے۔اجلاس کو لیاقت میموریل لائبریری کمپلیکس میں قائم نیشنل لائبریری آف پاکستان کے کراچی ریجنل آفس کے استحکام اور مستقبل کے منصوبوں پر بریفنگ دی گئی۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ فائیو ایز فریم ورک (ایکسپورٹس، ای پاکستان، اینوائرنمنٹ کلائمیٹ چینج، انرجی اینڈ انفراسٹرکچر، ایکوٹی ایمپاورمنٹ) آئی ٹی اور زرعی جدید کاری پر توجہ کے ساتھ سالانہ برآمدات کو 100 بلین ڈالر تک بڑھانے، معیشت کو ڈیجیٹائز کرنے اور ٹیک پر مبنی انٹرپرینیورشپ کو بڑھانے، بنیادی ڈھانچے کی حفاظت کے لیے آب و ہوا میں لچک پیدا کرنے، پائیدار، سستی اور قابل اعتماد بجلی کے نظام کی تخلیق اور جامع ترقی کو فروغ دینے اور نوجوانوں کو بااختیار بنانے پر مرکوز ہے۔انہوں نے کہا کہ جس چیز نے پاکستان کی سمت کو حقیقی معنوں میں تباہ کیا وہ سیاسی عدم استحکام اور پالیسیوں میں عدم مطابقت ہے، جب حکومتیں بدل جاتی ہیں تو آنے والی حکومتیں سیاسی بنیاد پر سابقہ منصوبوں کو ترک کر دیتی ہیں، بڑی کوششوں سے موجودہ حکومت استحکام کے ایک پیمانے کو فروغ دینے میں کامیاب رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ سیاسی لانگ مارچ اور اپیکس کمیٹی کا وقت ختم ہو چکا، پاکستان کو اب معاشی میدان میں آگے بڑھنے کی ضرورت ہے، ہمیں غیر ملکی سرمایہ کاری کو راغب کرنے اور ملک کو خوشحالی کی راہ پر گامزن کرنے کے لیے پالیسی کے تسلسل کو ترجیح دینی چاہیے۔ وفاقی وزیر نے اجتماع پر زور دیا کہ وہ اختلافات کو ختم کریں، اتحاد کو مضبوط کریں اور اس ملک میں اپنی آواز بلند کریں، ایسی سرگرمیوں سے گریز کریں جس سے پاکستان کا امیج خراب ہو۔انہوں نے تاجروں پر زور دیا کہ وہ پاکستان میں سرمایہ کاری کریں۔اس سے قبل خرم دستگیر نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان آگے بڑھ رہا ہے، ملک ترقی کی طرف گامزن ہے۔انہوں نے کہا کہ امریکا اور پاکستان کے تعلقات میں ہونے والی پیش رفت میں جنوبی ایشیا میں مئی کے تصادم سے پہلے توقع نہیں کی جا سکتی تھی۔

بقیہ 25

تیاریوں کا جائزہ لیا۔پیر کو وفاقی وزیر موسم

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے ایم پی اے پنجاب اسمبلی ایما نوئیل ایتھر جولیس کی قیادت میں وفد ملاقات کر رہا ہے

بلوچستان اسمبلی ہم آئینی ادارہ، سیکورٹی پر سمجھوتہ نہیں ہونا چاہیے، عبدالخالق اچکزئی

اسمبلی کی حفاظت، نگرانی اور سیکیورٹی انتظامات کو ہر ممکن حد تک مؤثر اور فول پروف بنانے کے لیے متعلقہ ادارے اپنی ذمہ داریاں بہترین طریقے سے سرانجام دیں

اسپیکر بلوچستان اسمبلی کی ہدایت پر ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ اور انسپکٹر جنرل پولیس کی اسپیکر کے دفتر میں ملاقات

کوئٹہ (خ ن) اسپیکر بلوچستان اسمبلی کیپٹن (ر) عبدالخالق خان اچکزئی کی ہدایت پر ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ حمزہ شفقات اور انسپکٹر جنرل پولیس بلوچستان محمد طاہر نے اسپیکر کے دفتر میں ملاقات کی۔ اس موقع پر سیکرٹری بلوچستان اسمبلی طاہر شاہ کاکڑ بھی موجود تھے۔ ملاقات (بقیہ نمبر 1 صفحہ 2 پر)

گوادر پورٹ نے پاکستان کی سمندری تجارت میں ایک اہم سنگِ میل عبور کرلیا

پہلا کامیاب کمرشل بنکرنگ (جہازوں کو ایندھن کی فراہمی) آپریشن مکمل کرلیا

گوادر (خ ن) گوادر پورٹ نے پاکستان کی سمندری تجارت میں ایک اہم سنگِ میل عبور کرتے ہوئے پہلا کامیاب کمرشل بنکرنگ (جہازوں کو ایندھن کی فراہمی) آپریشن مکمل کرلیا گوادر پورٹ اتھارٹی کے احکام کے مطابق یہ آپریشن گوادر پورٹ اتھارٹی (GPA)، (بقیہ نمبر 2 صفحہ 2 پر)

صحافی معاشرے کی آنکھ اور آواز ہوتے ہیں، عبدالحمید اعوان

صحافی امن و امان کی صورتحال بہتر بنانے میں بھی اہم کردار ادا کرتے ہیں

سیوی (نامہ نگار) ایس ایس پی عبدالحمید نے کہا کہ صحافی معاشرے کی آنکھ اور آواز ہوتے ہیں، جو نہ صرف عوامی مسائل کو اجاگر کرتے ہیں بلکہ امن و امان کی صورتحال بہتر بنانے میں بھی اہم کردار ادا کرتے ہیں انہوں نے کہا کہ ذمہ دارانہ صحافت، درست معلومات کی فراہمی (بقیہ نمبر 3 صفحہ 2 پر)

مالیاتی نظم وضبط شفافیت اور احتساب کو ہر سطح پر یقینی بنایا جائے، بابر خان

محکمہ اپنی مالی استطاعت اور دستیاب وسائل کو مدنظر رکھتے ہوئے نان ڈیولپمنٹ فنڈز کا مؤثر تحفظ اور دانشمندانہ استعمال یقینی بنائے

کوئٹہ (خ ن) سیکرٹری مواصلات وتعمیرات بابر خان نے محکمہ مواصلات وتعمیرات کے نان ڈیولپمنٹ فنڈز سے متعلق ایک اہم جائزہ اجلاس کے موقع پر کہا جس (بقیہ نمبر 9 صفحہ 2 پر)

ڈپٹی کمشنر حب کیپٹن (ر) جمعہ داد خان کی زیرِ صدارت اجلاس

ترقیاتی منصوبوں کے دوران مختلف علاقوں میں بجلی کی بار بار بندش اور عوام کو درپیش مشکلات کا جائزہ لیا گیا

حب (خ ن) ڈپٹی کمشنر حب کیپٹن (ر) جمعہ داد خان کی زیرِ صدارت ایک اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں ماسٹر پلان کے تحت جاری ترقیاتی منصوبوں کے دوران مختلف علاقوں (بقیہ نمبر 10 صفحہ 2 پر)

صوبائی وزیر مواصلات وتعمیرات سلیم احمد کھوسہ اپنے دفتر میں ایک بزرگ شخص کے مسائل سن رہے ہیں

بختیار آباد، کار اور ٹرک میں خوف ناک تصادم، ایک شخص جاں بحق، ایک زخمی

ضروری کارروائی مکمل کرنے کے بعد جاں بحق نوجوان کی لاش ورثاء کے حوالے کردی

بختیار آباد (لیاقت علی ڈوکی) بختیار آباد کے قریب قومی شاہراہ ڈنگڑا کے مقام پر کار اور ٹرک میں خوف ناک تصادم، ایک شخص جاں بحق، ایک زخمی، کار مکمل طور پر تباہ ہوگیا (بقیہ نمبر 11 صفحہ 2 پر)

عوام کے جان و مال کے تحفظ کو ہر صورت یقینی بنایا جائے، جنید احمد شیخ

اہلکاروں کو بہتر سہولیات کی فراہمی اور ان کے مسائل کے حل کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے

لورالائی (خ ن) ڈی آئی جی لورالائی رینج جنید احمد شیخ کا مختلف پولیس تھانوں کا تفصیلی دورہ، امن و امان اور پولیس کارکردگی کا جائزہ زیارت: ڈی آئی جی لورالائی رینج جنید احمد (بقیہ نمبر 12 صفحہ 2 پر)

مچھ کے قریب بلوچستان کانسٹیبلری کی گاڑی الٹنے سے تین اہلکار زخمی

کوئٹہ (این این آئی) مچھ کے قریب بلوچستان کانسٹیبلری کی گاڑی الٹنے سے تین اہلکار زخمی ہوگئے۔ پولیس کے مطابق پیر کو مچھ کے قریب سبی کوئٹہ کانوئے ڈیوٹی سے واپسی پر بلوچستان کانسٹیبلری کی گاڑی مچھ شالی پل کے قریب الٹنے سے ڈرائیور سمیت 3 اہلکار زخمی ہوگئے جنہیں فوری طور پر مچھ ہسپتال منتقل کردیا گیا

کچھی، ٹریفک حادثہ، ایک شخص جاں بحق

بولان (این این آئی) کچھی میں ٹریفک حادثہ ایک شخص جاں بحق ہوگیا۔ ایس ایچ او حاجی شہر یاسین چھلگری کے مطابق پیر کو این 65 قومی شاہراہ پر ڈنگڑا کے مقام پر کار اور مزدا کے درمیان ٹکر کے نتیجے میں گاڑی میں سوار محمد اسد جمال گولہ موقع پر جاں بحق ہوگیا۔

بلوچستان کے شہداء کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائے گی، آئی جی پولیس

کوئٹہ (این این آئی) آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر نے کہا کہ دہشتگردی کے خلاف عوام کے جان و مال کے علاوہ قانون کی عملداری قائم رکھنے میں بلوچستان پولیس ہراول (بقیہ نمبر 27 صفحہ 2 پر)

ڈیرہ مراد جمالی، سڑک کنارے ریموٹ کنٹرول بم دھماکہ سڑک اور قریب پل کو نقصان پہنچا

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی کے قریب میر حسن سڑک کنارے ریموٹ کنٹرول بم دھماکہ سڑک اور قریب پل کو نقصان پہنچا پولیس کے مطابق ڈیرہ مراد جمالی کے قریب پولیس تھانہ میر حسن کی حدود سڑک کنارے نصب ریموٹ کنٹرول بم دھماکہ سڑک اور قریب پل کو نقصان پہنچا

گورنر بلوچستان 1973 کا آئین ہم سب کے لئے بنیادی سہولیات اور جان و مال کے تحفظ کی ضمانت دیتا ہے

ہم نے روز اول سے ہی گورنر ہاؤس کے دروازے تمام شہریوں کیلئے ان کے مذہبی و نسلی پس منظر سے بالاتر ہو کر کھول رکھے ہیں

گورنر ہاؤس آنے والے سائلین چاہئے اکثریت ہو یا اقلیت سے، مجھے ان کی درپیش مشکلات کم کرنے ذہنی سکون و اطمینان ملتا ہے

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ ہم نے روز اول سے ہی گورنر ہاؤس کے دروازے تمام شہریوں کیلئے ان کے مذہبی و نسلی پس منظر سے بالاتر ہو کر کھول رکھے ہیں۔ آئین پاکستان کی نظر سے ہر اقلیتی رکن بھی اس ملک میں برابر کا شہری ہے اور (بقیہ نمبر 18 صفحہ 2 پر)

اقلیتی ملازمین نے ادارے کی ترقی میں ہمیشہ اہم کردار ادا کیا، نورالحق بلوچ

گوادر پورٹ اتھارٹی میں ہر ملازم، بلاامتیاز مذہب، برادری یا عہدہ، ادارے کی ترقی کا اہم شراکت دار ہے

گوادر (خ ن) چیئرمین گوادر پورٹ اتھارٹی، نورالحق بلوچ نے ملازم دوست پالیسی کے تحت فورتھ کلاس سویپر ملازمین کے لیے تعمیر کیے گئے جدید رہائشی فلیٹس کی چابیاں مستحق ملازمین کے حوالے کردیں۔ یہ فلاحی منصوبہ خصوصی طور پر گوادر پورٹ اتھارٹی کے اقلیتی (بقیہ نمبر 19 صفحہ 2 پر)

اوعائشہ بگٹی اور محمد صلاح پہنور سے زاہد حسین اور اسٹاف کی ملاقات

SBK کنڈیکٹ ٹیچرز (CTPAP) کے آن لائن Assessment فارم سے متعلق تفصیلی تبادلہ خیال

جعفر آباد (مقصود احمد مہر) ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر جعفر آباد محترمہ عائشہ بگٹی اور ڈسٹرکٹ آفیسر ایجوکیشن جعفر آباد محمد صلاح پہنور سے ان کے دفتر میں زاہد حسین (EST)، صابر حسین (JVT)، اعجاز علی (JVT) اور دیگر اسٹاف ممبران نے ملاقات کی۔ ملاقات (بقیہ نمبر 20 صفحہ 2 پر)

حکومت کا ہدف منصوبے شروع کرنا نہیں ثمرات عام شہری تک پہنچانا ہے

چیف سیکرٹری

غربت کے خاتمے کے لیے مربوط پالیسی، مقامی سطح پر معاشی سرگرمیوں کا فروغ، ہنرمندی کی تربیت، اور چھوٹے و درمیانے درجے کے کاروباریوں کی حوصلہ افزائی ناگزیر ہے

مختلف اضلاع میں ریجنل گروتھ سینٹرز کے قیام سے مقامی معیشت کو تقویت ملے گی، سرمایہ کاری بڑھے گی، اور روزگار کے نئے مواقع پیدا ہوں گے

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان سے معروف ماہر معاشیات ڈاکٹر قیصر بنگالی نے ملاقات کی، ملاقات میں صوبے میں غربت میں کمی، روزگار کے فروغ، بنیادی سہولیات کی فراہمی، اور ریجنل گروتھ سینٹرز کے قیام و استحکام سے متعلق مختلف امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر تمام انتظامی سیکرٹریز بھی موجود تھے۔ ملاقات کے دوران صوبائی حکومت کی جانب سے عوامی فلاح و بہبود، معاشی بہتری اور پائیدار ترقی کے لیے جاری اقدامات پر گفتگو ہوئی۔ چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان نے کہا کہ صوبائی حکومت عوام کو روزگار کی فراہمی، عوام کو (بقیہ نمبر 21 صفحہ 2 پر)

پنجگور میں ڈکیتی کے دوران مزاحمت پر فائرنگ سے ایک شخص زخمی

پنجگور (این این آئی) پنجگور چنکان حاجی یاسین مارکیٹ کے قریب رہزنی کی واردات مزاحمت پر ایک شخص زخمی پولیس کے مطابق چنکان حاجی یاسین مارکیٹ کے قریب مسلح افراد نے امیر بخش ولد محمد مرید سے موٹر سائیکل چھیننے کی کوشش کی مزاحمت پر فائرنگ کرکے اسکو زخمی کردیا موٹر سائیکل اور نقدی چھین کر فرار ہوگئے زخمی کو طبی امداد کی غرض سے ٹیچنگ اسپتال منتقل کیا گیا پولیس اس سلسلے میں مزید کارروائی کررہی ہے

ڈیرہ مراد جمالی باولے کتوں کا راج ایک ہی دن میں چھ بچوں دو خواتین سمیت بارہ افراد کو کاٹ لیا

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی میں باولے کتوں کا راج ایک ہی دن میں چھ بچوں دو خواتین سمیت بارہ افراد کو کاٹ لیا متاثرہ افراد کو ابتدائی طبی امداد کے بعد کچھ جیکب اباد اور کچھ لاڑکانہ ریفر کردیے گئے تفصیلات کے مطابق ڈیرہ مراد جمالی شہر کے اندر باولے کتوں کا راج ایک ہی دن شرقی بھٹو محلہ غربی وارڈ نمبر 38 وشہر کے دیگر ایریاز میں چھ بچوں دو خواتین سمیت بارہ افراد کو کاٹ کر بری طرح زخمی کردیا گیا متاثرہ بچوں و دیگر زخمیوں کو ٹیچنگ ہسپتال ڈیرہ مراد جمالی میں ابتدائی طبی امداد دینے کے بعد زخمیوں کو مزید علاج کیلئے جیکب اباد اور لاڑکانہ ریفر کردیا گیا

ڈیرہ مراد جمالی میں لڑائی جھگڑے اور ٹریفک حادثات آٹھ افراد زخمی

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی میں لڑائی جھگڑے اور ٹریفک حادثات آٹھ افراد زخمی ہوگئے۔ پولیس کے مطابق ڈیرہ مراد جمالی میں لہڑی اور ابڑو قبائل کے درمیان مسلح تصادم کے نتیجے میں پانچ افراد نعمان علی ولد چاکر لہڑی جبکہ فائق علی ابڑو شہباز علی ابڑو عزیز اللہ ابڑو زخمی ہوگئے زخمیوں کو ٹیچنگ ہسپتال ڈیرہ مراد جمالی منتقل کردیا گیا

پبلشر نذیر احمد نے سعید پرنٹنگ پریس مندوخیل پلازہ مشن روڈ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ گوادر بزنس کوئٹہ یونیورسل کمپلیکس آفس نمبر 10 فیز 1 انڈر گراؤنڈ کالون روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔
فون نمبر 0302-3883706
اسلام آباد بیورو چیف 0300-9731626

زیارت شہداء ٹنا آل پارٹیز اور لواحقین کا احتجاجی تحریک تیز کرنے کا فیصلہ

17 جولائی کو شٹر ڈاؤن ہڑتال
16 جولائی کو خواتین اور بچوں کا خصوصی دھرنا ہوگا

حکومت سے مذاکرات اور قانونی اقدامات کے لیے الگ الگ کمیٹیاں تشکیل، مطالبات فوری تسلیم کرنے کا مطالبہ

جوڈیشل کمیشن، لیویز فورس کی بحالی اور مسلح گروہوں کے خاتمے تک احتجاج جاری رہے گا، آل پارٹیز اجلاس

کوہلو میں پینے کے پانی کا بحران شدت اختیار کرگیا

شہریوں کا کوہلو ٹو سبی شاہراہ بند کرکے پی ایچ ای اور انتظامیہ کے خلاف احتجاج

کوہلو (نامہ نگار) بلوچستان کے ضلع کوہلو میں پینے کے پانی کا بحران شدت اختیار کرگیا، جس کے خلاف میر ہزار وڈھ کے مکینوں نے سبی ٹو کوہلو شاہراہ بند کرکے احتجاجی مظاہرہ کیا۔ مظاہرین نے مطالبہ کیا کہ فوری طور پر متاثرہ علاقوں میں پانی کی فراہمی یقینی بنائی جائے، (بقیہ نمبر 23 صفحہ 2 پر)

ڈی ایس پی سریاب، طالب حسین کی کاوشیں رنگ لانے لگیں

سریاب سرکل میں امن و امان کی صورتحال میں نمایاں بہتری: جرائم کی شرح میں کمی ہوگئی

کوئٹہ (بولانی) سریاب سرکل میں امن و امان کی صورتحال میں بہتری اور جرائم پر قابو پانے کے لیے ڈی ایس پی سریاب، طالب حسین کی کاوشیں رنگ لانے لگیں۔ سماجی حلقوں کی جانب سے ڈی ایس پی طالب حسین صاحب کے تعیناتی کے بعد سے علاقے میں امن کی فضا (بقیہ نمبر 24 صفحہ 2 پر)

نصیرآباد میں 220 کے وی بجلی کا ٹاور دھماکے سے تباہ، سبی کو بجلی کی فراہمی معطل

پولیس سیکورٹی فورسز اور کسیکو کی ٹیمیں موقع پر پہنچ گئی علاقے کی ناکہ بندی سرچ اپریشن شروع کردی

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی کے قریب اوچ پاور پلانٹ سے سبی اور کوئٹہ سمیت اندروں صوبے کو جانے والی بجلی ہائی ٹرانسمیشن لائن کے 220 کے وی دو ٹاورز کو دھماکہ خیز مواد سے اڑا دیا گیا جبکہ دو ٹاور کو جزوی نقصان اور دو ٹاورز کے ساتھ نصب دھماکہ خیز مواد کو ناکارہ بنا دیا گیا ٹاورز کے تباہ ہونے سے سبی کو بیٹھ سمیت بیشتر علاقوں میں بجلی کی فراہمی (بقیہ نمبر 25 صفحہ 2 پر)

چیف ایگزیکٹو آفیسر کیسکو انجینئر شوکت علی جوگیزئی سے رکن صوبائی اسمبلی عبدالصمد گورگیج ملاقات کررہے ہیں

صحافیوں کے لیے روڈ سیفٹی کے حوالے سے ایک پروقار آگاہی تقریب کا انعقاد

پریس کلب کے صحافیوں کو روڈ سیفٹی اور حادثات کے سدباب کے متعلق تفصیلی لیکچر دیا

قلات۔ (نامہ نگار) نیشنل ہائی وے اینڈ موٹروے پولیس بیٹ ٹو قلات (سیکٹر تھری) کی جانب سے خان میر احمد یار خان پریس کلب قلات کے صحافیوں کے لیے روڈ سیفٹی کے حوالے سے ایک پروقار آگاہی تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب میں موٹروے پولیس کے ڈی ایس پی خدار حیم عالیزئی، پیٹرولنگ آفیسر محمد طارق، میر احمد لہڑی اور جاوید احمد زہری نے شرکت کی اور (بقیہ نمبر 13 صفحہ 2 پر)

زیارت حملہ، ایف سی افسران کی شہدا کے لواحقین سے ملاقات

ایف سی بلوچستان کے افسران نے شہدا کی قبروں پر حاضری دی، پھول رکھے اور فاتحہ خوانی کی

زیارت (این این آئی) زیارت میں دہشت گرد حملے میں شہید ہونے والے اہلکاروں کے لواحقین سے ایف سی بلوچستان کے سینئر افسران نے ملاقات کی اس موقع پر ایف سی افسران نے دہشت گردوں کا حملہ ناکام بنانے والے شہدا کی قربانیوں کو خراجِ عقیدت پیش کیا۔ (بقیہ نمبر 15 صفحہ 2 پر)

پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ کرکے عوام کی جیبوں پر ڈاکہ ڈالا ہے، سعید راجپوت

عوام کو سڑکوں پر آنے پر مجبور نہ کیا جائے، معاشی بدحالی اور بے روزگاری ملک دشمن عناصر کو فائدہ پہنچا سکتی ہے

کراچی (پ ر) سول سوسائٹی ایسوسی ایشن آف پاکستان کے چیئرمین سعید راجپوت نے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں حالیہ اضافے پر شدید ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکمرانوں نے ایک بار پھر عوام کی جیبوں پر ڈاکہ ڈالا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مہنگائی، (بقیہ نمبر 15 صفحہ 2 پر)

کوئٹہ، مستونگ کے رہائشی غلام محی الدین اور دیگر پریس کانفرنس کررہے ہیں

نائب تحصیلداروں کی خالی آسامیوں کو پُر کرنے کے لیے انٹرویوز کا انعقاد

محکمہ ریونیو کی خالی آسامیوں کو جلد از جلد پُر کرنے کے لیے ٹھوس اور عملی اقدامات کیے جارہے ہیں، وریندر لعل

نصیرآباد (خ ن) کمشنر نصیرآباد ڈویژن صلاح الدین نورزئی کے احکامات کی روشنی میں محکمہ ریونیو میں نائب تحصیلداروں کی خالی آسامیوں کو پُر کرنے کے لیے انٹرویوز کا انعقاد کیا گیا دو آسامیوں کے لیے تین امیدواروں نے انٹرویو میں شرکت کی جہاں (بقیہ نمبر 16 صفحہ 2 پر)

ڈپٹی کمشنر کا خانپور ڈسٹری میں واقع وانڈھ واٹر کورس کا دورہ

عدم تعاون کرنے والے عناصر کے خلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی، محمد رمضان

اسسٹنٹ کمشنر اسسٹنٹ محمد، محمد رمضان پلال نے شہریوں کو پینے کے صاف پانی کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کرتے ہوئے رات بھر خود نگرانی کی اس سلسلے میں واٹر سپلائی اسکیم فیز 2 میں پانی کی کمی کے مسئلے کے حل کے لیے ضلعی انتظامیہ مسلسل متحرک ہے ذرائع کے مطابق ڈمپ شاخ پر بعض بااثر زمینداروں کی جانب سے عوامی مفاد میں (بقیہ نمبر 17 صفحہ 2 پر)

اوستہ محمد پولیس کی بڑی کارروائی قتل کیس کا اشتہاری ملزم گرفتار

اوستہ محمد (یو این اے) اوستہ محمد پولیس نے قتل کے مقدمے میں مطلوب ایک اشتہاری ملزم کو گرفتار کر لیا۔ کامیاب کارروائی ایس پی اوستہ محمد حافظ معاذ الرحمن کی ہدایات اور ڈی ایس پی سرکل اوستہ محمد محمد داد کھوسہ کی نگرانی میں عمل میں لائی گئی، جس پر عوامی و سماجی حلقوں نے اطمینان کا اظہار کیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق ایس ایچ او تھانہ سٹی اوستہ محمد ندیم احمد بہرانی، انچارج 15 مددگار کرم حسین بہر اور انچارج اینٹی نارکوٹکس علی نواز جنگ نے خفیہ اطلاع پر مشترکہ چھاپہ مار کارروائی کرتے ہوئے قتل کے مقدمے میں اشتہاری ملزم میانداد ولد دوست محمد، قوم بھنڈ، سکنہ گوٹھ محمد نواز مرفانی، ضلع شکارپور (سندھ) کو گرفتار کرلیا۔

ڈیرہ مراد جمالی، چوری ڈکیتی کی واردات تین چار موٹر سائیکل نقدی اور پانچ موبائل فون چھین لیے

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی چھتر اور پیپور سہنڑی چوری ڈکیتی کی وارداتیں چار موٹر سائیکل نقدی اور پانچ موبائل فون چھین لیے گئے ملزمان فرار ہوگئے پولیس کے مطابق ڈیرہ مراد جمالی کے قریب پولیس تھانہ چھتر کی حدود درگاہ شہنشاہ کے قریب گیس پائپ لائن چھتر روڈ پر مسلح ڈاکوؤں نے ناکہ بندی کرکے ڈاکٹر صادق بہرانی بشیر کھوسو حاجی سردار کھوسو سے دو (بقیہ نمبر 8 صفحہ 2 پر)

مختلف علاقوں میں بجلی بند رہے گی، کیسکو

کوئٹہ (پ ر) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیہ کے مطابق کوئٹہ شہر کے مختلف علاقوں میں ترقیاتی منصوبوں کے تحت برقی لائنوں کی شفٹنگ اور نئے کھمبے نصب کئے جارہے ہیں۔ اس سلسلے میں 14 جولائی کو (بروز منگل) سریاب گرڈ اسٹیشن کے 11 kv سریاب ون، سریاب ٹو، خیر بخش مری، جائنٹ روڈ، اولڈ لیاقت بازار، غازی، اے ون سٹی، ہزارہ ٹاون، کرانی، واسا، اولڈ سیٹلائٹ ٹاون فیڈروں سے صبح 10 بجے تا دوپہر 2 بجے بجلی بند رہیگی

بے گناہ مزدوروں کا قتل قابل مذمت ہے، غفار خان کاکڑ

حکومت عوام کے جان و مال کے تحفظ میں بری طرح ناکام ہوچکی ہے

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات بلوچستان غفار خان کاکڑ نے واشک کے علاقے ماشکیل میں بے گناہ مزدوروں کے قتل کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت عوام کے جان و مال کے تحفظ میں بری طرح ناکام ہوچکی ہے (بقیہ نمبر 6 صفحہ 2 پر)

ڈپٹی کمشنر الیاس کبزئی کی زیرِ صدارت لوکل وڈومیسائل کمیٹی کا اجلاس

لوکل وڈومیسائل سرٹیفکیٹس کے اجراء کے عمل میں شفافیت، میرٹ اور قانونی تقاضوں کو ہر صورت یقینی بنایا جائے

سیوی (خ ن) ڈپٹی کمشنر سیوی میجر (ر) الیاس کبزئی کی زیرِ صدارت لوکل و ڈومیسائل کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں اسسٹنٹ کمشنر سیوی منصور علی شاہ، متعلقہ محکموں کے افسران، تمام یونین کونسلوں کے نمائندگان اور کمیٹی کے اراکین نے شرکت کی۔ اجلاس میں (بقیہ نمبر 7 صفحہ 2 پر)

میر شیر محمد اور میر ممتاز سے میر محمد صلاح خان شہلیانی کی ملاقات

زرعی علاقوں میں پیدا ہونے والی تشویشناک صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا

گنداخہ (نورحسن جمالی) معروف سیاسی و قبائلی شخصیت میر محمد صلاح خان شہلیانی نے ایم پی اے جیکب آباد میر شیر محمد خان مغیری اور ایم پی اے گڑھی خیرو میر ممتاز خان جکھرانی کے ہمراہ صوبائی وزیر آبپاشی سندھ جام خان شورو سے ملاقات کی۔ ملاقات میں کھیرتھیر کینال (بقیہ نمبر 5 صفحہ 2 پر)

مزدوروں کو نشانہ بنانا انسانیت اور بلوچ روایات کے خلاف ہے

سردار عبدالرحمن کھیتران

اسمبلی کے فلور پر بارہا یہ بات دہراتے رہا ہوں کہ بے گناہ اور نہتے لوگوں کا خون بہانے سے کسی کو آزادی حاصل نہیں ہوسکتی

دلخراش واقعے میں ملوث عناصر کو فوری طور پر گرفتار کرکے قانون کے کٹہرے میں لایا جائے تاکہ متاثرہ خاندانوں کو انصاف مل سکے

کوئٹہ (این این آئی) سابق صوبائی وزیر رکن صوبائی اسمبلی سردار عبدالرحمن کھیتران نے ضلع واشک کی تحصیل ماشکیل میں نہتے اور بے گناہ مزدوروں کے بہیمانہ قتل کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے اس افسوسناک واقعے کو انسانیت سوز اور ناقابلِ برداشت قرار دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسمبلی کے فلور پر بارہا یہ بات دہراتے رہا ہوں کہ بے گناہ اور نہتے لوگوں کا خون بہانے سے کسی کو آزادی حاصل نہیں (بقیہ نمبر 26 صفحہ 2 پر)

سیکرٹری مواصلات وتعمیرات بابر خان محکمہ کے نان ڈویلپمنٹ فنڈز کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں